مُصْبَاحُ الْعَرَبِيَّة

شرح

مُنْهَاجُ الْعَرَبِيَّة



شارح

محمد گلریز مصباحی

ناشر: مصباحی لائبریری

مدناپور، بہیڑی، ضلع بریلی شریف (یوپی)

نام کتاب: مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ اول

شارح: محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف

نظر ثانی: مولانا ارشاد احمد مصباحی اشرفیہ، مولانا سلطان احمد مصباحی بنگال

صفحات: ۱۰۰

کمپوزنگ: سعادت علی مرادآباد

سال اشاعت: ۲۰۱۶ء

مطبع: مصباحی لائبریری، مدناپور، بہیڑی، بریلی شریف

تعداد: گیارہ سو

قیمت: ۶۰

رابطہ نمبر: 09837366593 – 8057889427

----(ملنے کے پتے)----

- قادری کتاب گھر، بریلی شریف
- المجمع الاسلامی، مبارک پور، اعظم گڑھ
- مکتبہ حافظ ملت، مبارک پور اعظم گڑھ
- حق اکیڈمی، مبارک پور اعظم گڑھ
- قادری بک ڈپو، بریلی شریف یوپی
- مکتبہ المصطفی بریلی شریف یوپی
- مکتبہ رحمانیہ رضویہ، درگاہ اعلی حضرت بریلی

شرف انتساب

جلالۃ العلم ابوالفیض

علامہ شاہ عبدالعزیز محدث مرادآبادی

علیہ الرحمۃ والرضوان

بانی

الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور (اعظم گڑھ)

و

جملہ اکابرین اہل سنت کے نام

نوٹ: منہاج العربیہ اول، دوم کا ترجمہ کرتے وقت کتاب کا پرانا اڈیشن پیش نظر رکھا گیا ہے۔

تہدیہ

والدین کریمین
کے نام

جنھوں نے مجھے تعلیم و تربیت
سے آراستہ کرنے کی خاطر
مدارس اسلامیہ کے حوالے کیا،
قدم قدم پر میری رہنمائی
کی اور دعاؤں سے نوازتے رہے

محمد گل ریز رضا مصباحی
مدناپوری، بریلی شریف یوپی

(نوٹ)

اگر اس کتاب میں کسی طرح کی کوئی غلطی پائیں تو کتاب کو ہدف تنقید نہ بنائیں بلکہ خلوص نیت کے ساتھ ہمیں مطلع کریں، ان شاء اللہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کردی جائے گی۔

کچھ مفید اصطلاحات

مصباح العربیۃ شرح منہاج العربیۃ اول کے شروع میں کچھ اصطلاحات، ہدایات کا اضافہ کیا جارہا ہے جن سے طلبہ کو اسباق سمجھنے، تمرین کو حل کرنے میں مدد ملے گی اور ان کی معلومات میں اضافہ ہوگا اور عربی سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

(۱) اَلْوَرْدُ (الف ولام کے ساتھ) معرفہ ہے اور وَرْدٌ (بے الف ولام) نکرہ ہے

(۲) مُجْتَهِدٌ مذکر ہے اور مُجْتَهِدَةٌ (ۃ کے ساتھ) مؤنث ہے۔

(۳) اسمائے اشارہ برائے مذکر: هٰذَا، ذٰلِكَ، برائے مؤنث: هٰذِهٖ تِلْكَ۔

(۴) مذکر واحد کی ضمیریں: كَ (بالفتح) هٗ، هُوَ، أَنْتَ (تا کے زبر کے ساتھ)

مؤنث واحد کی ضمیریں: كِ (بالکسر) هَا، هِيَ، أَنْتِ (تا کے زیر کے ساتھ)۔

(۵) هٰذَا الْكِتَابُ (یہ کتاب) یہ مرکب ناقص کہلاتا ہے اور هٰذَا كِتَابٌ (یہ کتاب ہے) یہ مرکب تام ہے۔

(۶) (۱) وَلَدُ جَمِيْلٍ (جمیل کا لڑکا) (۲) وَلَدٌ جَمِيْلٌ (خوب صورت لڑکا) یہ بھی مرکب ناقص کہلاتے ہیں۔ اول کا نام مرکب اضافی اور دوسرے کا مرکب توصیفی ہے۔ اول میں پہلا اسم مضاف اور دوسرا مضاف الیہ اور دوسرے میں پہلا اسم موصوف اور دوسرا صفت کہلاتا ہے۔

(۷) اَلْوَلَدُ جَمِيْلٌ میں اَلْوَلَدُ مبتدا ہے اور جَمِيْلٌ اس کی خبر ہے۔ اسی طرح هٰذَا كِتَابٌ میں هٰذَا مبتدا ہے اور كِتَابٌ خبر ہے۔

(۸) (۱) اَلْوَلَدُ جَمِيْلٌ (۲) اَلْبِنْتُ جَمِيْلَةٌ پہلی مثال میں مبتدا مذکر ہے اس لیے خبر بھی مذکر آئی ہے اور دوسری مثال میں چونکہ مبتدا مؤنث ہے اس لیے خبر بھی مؤنث ہے۔

(۹) مبتدا و خبر اور موصوف وصفت (مرکب توصیفی) میں فرق یہ ہے کہ مبتدا عموماً معرفہ اور خبر نکرہ ہوتی ہے جیسے: اَلْبِنْتُ جَمِیْلَةٌ اور موصوف وصفت دونوں معرفہ ہوتے ہیں جیسے: اَلْوَلَدُ الْجَمِیْلُ (خوب صورت لڑکا) یا دونوں نکرہ جیسے: بِنْتٌ جَمِیْلَةٌ (کوئی یا ایک خوب صورت لڑکی)۔

(۱۰) مبتدا و خبر میں کب مطابقت لازم ہے اور کب نہیں؟ اس سلسلے میں اتنا سمجھ لیا جائے کہ خبر جب مفرد ہو (جملہ نہ ہو) تو وہ یا تو جامد ہوگی یا مشتق۔ اگر جامد ہوگی تو اس کی مبتدا سے مطابقت ضروری نہیں جیسے: "اَلْکُفْرُ ظُلْمَةٌ" کیوں کہ یہ مبتدا کی جانب لوٹنے والی ضمیر کو متضمن نہیں ہوتی۔ ہاں اگر خبر معنیً مشتق میں ہو تو وہ ضمیر عائد الی المبتدا کو متضمن ہوتی ہے جیسے: "عَلِیٌّ أَسَدٌ" یہاں "اَسَدٌ" شُجَاعٌ کے معنی میں ہے۔ (جامد سے مراد جس میں معنیً وصف نہ ہو)

اور اگر خبر مشتق ہوگی تو اس کی افراد، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں مطابقت لازم ہے کیوں کہ یہ مبتدا کی جانب لوٹنے والی ضمیر کی متحمل ہوتی ہے جیسے: اَلتِّلْمِیْذُ مُجْتَهِدٌ / اَلتِّلْمِیْذَانِ مُجْتَهِدَانِ / اَلتَّلَامِیْذُ مُجْتَهِدُوْنَ، علی الترتیب اول واحد مذکر، دوئم تثنیہ مذکر اور سوئم جمع مذکر کی مثال ہے اور جیسے: اَلتِّلْمِیْذَةُ مُجْتَهِدَةٌ اَلتِّلْمِیْذَتَانِ مُجْتَهِدَتَانِ / اَلتِّلْمِیْذَاتُ مُجْتَهِدَاتٌ، علی الترتیب اول واحد مؤنث، دوئم تثنیہ مؤنث اور سوئم جمع مؤنث کی مثال ہے۔

(۱۱) موصوف صفت میں چار چیزوں میں مطابقت ضروری ہے اور وہ یہ ہیں (۱) اعراب (۲) واحد تثنیہ جمع (۳) تعریف وتنکیر (۴) تذکیر و تانیث۔ مطلب یہ ہے کہ جو اعراب موصوف کا ہوگا وہی صفت کا، موصوف اگر واحد ہوگا تو صفت بھی، موصوف اگر

نکرہ ہوگا تو صفت بھی اور موصوف اگر مذکر ہوگا تو صفت بھی مذکر ہوگی جیسے :"وَلَدٌ صَالِحٌ" دیکھئے(۱)دونوں مرفوع(۲)دونوں واحد(۳)دونوں نکرہ(۴)دونوں مذکر ہیں۔

(۱۲)مرکب اضافی اور مرکب توصیفی میں فرق بالکل ظاہر ہے،مرکب اضافی میں دوسرا جز یعنی مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے جیسے :وَلَدُ عَالِمٍ /وَلَدُ الْعَالِمِ (عالم کا لڑکا)جبکہ مرکب توصیفی میں دونوں جز یا تو مرفوع ہوں گے یا منصوب یا مجرور ۔اسی طرح مضاف مضاف الیہ (مرکب اضافی)اور مبتدا و خبر میں فرق ظاہر ہے جیسے :اَلْوَلَدُ عَالِمٌ(لڑکا عالم ہے)یہ مبتدا خبر کی مثال ہے اور وَلَدُ عَالِمٍ /وَلَدُ العَالِمِ ،یہ مرکب اضافی (مضاف مضاف الیہ)کی مثالیں ہیں۔اور جیسے :اَلْحَدِیْقَةُ لِسَعْدٍ(باغ سعد کا ہے)یہ مبتدا خبر کی مثال ہے اور حَدِیْقَةُ لِسَعْدٍ (سعد کا باغ)یہ مرکب اضافی کی مثال ہے۔

وہ اسماء جو مؤنث ہیں

(الف)

فَاطِمَةُ،اِمْرَأَةٌ،نَاقَةٌ عَالِمَةٌ وغیرہ تائے تانیث (ۃ)والے۔

حُبْلٰی،حُسْنٰی وغیرہ الف مقصورہ والے۔

حَسْنَاءُ ،حَمْرَاءُ وغیرہ الف ممدودہ والے۔یہ سب مؤنث لفظی کہلاتے ہیں۔

(ب)

زَیْنَبُ،مَرْیَمُ وغیرہ عورتوں کے اعلام۔

اُمٌّ ،حَائِضٌ وغیرہ الفاظ واوصاف جو عورتوں کے ساتھ خاص ہیں۔

مِصْرُ ،دِلْھِیْ ،قُرَیْشٌ وغیرہ ملکوں، شہروں اور قبیلوں کے نام

یہ سب مؤنث معنوی کہلاتے ہیں۔

(ج)

اَرْضٌ، دَارٌ، بِئْرٌ، یَدٌ، نَارٌ، شَمْسٌ وغیرہ۔ یہ سب مؤنث سماعی کہلاتے ہیں۔

وہ اسماء جو مذکر و مؤنث ہیں

دَلْوٌ، سِکِّیْنٌ، جَمِیْلٌ، طَرِیْقٌ، سُوْقٌ، لِسَانٌ، ذِرَاعٌ، عُنُقٌ وغیرہ۔

وہ اسماء جن میں مذکر و مؤنث برابر ہیں

فَعُوْلٌ کے وزن پر (بمعنی فاعل) جیسے: عَطُوْفٌ وغیرہ۔

فَعِیْلٌ کے وزن پر (بمعنی مفعول) جیسے: قَتِیْلٌ وغیرہ۔ ان کے علاوہ اور بھی اوزان ہیں۔

جمع مکسر وہ جمع ہے جن میں واحد کا وزن سلامت نہ ہو یعنی متغیّر ہوجائے جیسے: رِجَالٌ۔

جمع سالم وہ جمع ہے جس میں واحد کا وزن سلامت ہو یہ مذکر بھی ہوتی ہے جیسے: صَالِحُوْنَ اور مؤنث بھی ہوتی ہے جیسے: صَالِحَاتٌ۔

إِنَّ کہاں آتا ہے اور أَنَّ کہاں؟ اس بارے میں سر دست اتنا بتانا کافی ہے کہ إِنَّ ابتدائے کلام میں آتا ہے (خواہ حقیقۃً ابتدا ہو یا حکماً) اور أَنَّ درمیان کلام میں۔

(۱۳) غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین نہیں آتی جیسے: اَحْمَدُ، زَیْنَبُ، عَائِشَۃُ، کَسْلَانُ وغیرہ۔

اسم منقوص: وہ اسم معرب ہے جس کے آخر میں یائے ثابتہ اور اس کے ماقبل مکسور ہو: جیسے اَلْقَاضِیْ جب یہ الف ولام اور اضافت سے خالی ہو تو "یا" کتابت وتلفظ میں حذف ہوجاتی ہے جیسے: ھُوَ قَاضٍ (وہ قاضی ہے)

(۱۴) اَیٌّ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے اور اَیَّۃٌ صرف مؤنث کے لیے۔

(۱۵) ''مِنْ ''اور ''لِ'' جار کا ترجمہ ''کی،کے،سے بھی کیا جاتا ہے جیسے: اَلْحَدِیْقَۃُ لِھٰذَا الرَّجُلِ (باغ اس مرد کا ہے)۔

(۱۶) ھٰذَا الْوَلَدُ ،جَمِیْلٌ (یہ لڑکا ،خوب صورت ہے) ھٰذَا ،وَلَدٌ جَمِیْلٌ (یہ ،خوب صورت لڑکا ہے) اول مثال میں ھٰذَا الوْلَدُ مبتدا اور جَمِیْلٌ خبر ہے اور دوسری مثال میں ھٰذَا مبتدا اور وَلَدٌ جَمِیْلٌ (موصوف صفت سے مل کر) خبر ہے۔

(۱۷) (۱) اَلْفَرَسُ وَالْحِمَارُ (گھوڑا اور گدھا) (۲) رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللهُ (میرا رب اور تیرا رب اللہ ہے) اردو محاورے کے مطابق اول کے ترجمہ میں ''اور'' لانا اور دوسرے کے ترجمہ میں ''رب'' کی تکرار ضروری نہیں۔

(۱۸) ہمزہ (أ) اور ھَلْ میں فرق یہ ہے کہ ہمزہ کے ذریعہ مفرد اور جملہ کے بارے میں پوچھا جاتا ہے اثبات ونفی میں اور ھَلْ کے ذریعہ صرف جملہ فی الاثبات کے بارے میں پوچھا جاتا ہے۔

مسندالیہ: وہ چیز ہے جس کے لیے کوئی چیز ثابت کی جائے۔

مسند: وہ چیز ہے جو دوسرے کے لیے ثابت ہو جیسے: ''زَیْدٌ نَبِیْہٌ''(زید ہوشیار ہے) اس مثال میں زَیْدٌ مسند الیہ اور نَبِیْہٌ مسند ہے ۔اور جیسے: ''قَرَأَ بَکَرٌ''(پڑھا بکر نے) اس مثال میں قَرَأَ مسند اور بَکَرٌ مسند الیہ ہے۔

جملہ: مسند اور مسند الیہ کو مجموعہ کو کہتے ہیں جیسے: ''زَیْدٌ عَالِمٌ''.

مبتدا: وہ اسم ہے جو لفظی عامل سے خالی ہو اور مسند الیہ ہو۔

خبر: وہ لفظ ہے جو لفظی عامل سے خالی ہو اور مسند ہو جیسے: ''زَیْدٌ جَالِسٌ'' اس مثال میں ''زَیْدٌ'' مبتدا اور ''جَالِسٌ'' خبر ہے۔

رفع: ضمہ، الف اور واؤ کو کہتے ہیں۔

مرفوع: وہ اسم ہے جس پر ضمہ یا الف یا واؤ آئے جیسے: اَلْمُسْلِمُ، وَالْمُسْلِمَانِ، اَلْمُسْلِمُوْنَ، اَبُوْزَیْدٍ، میں اَبُوْ.

نصب: فتحہ، کسرہ، الف اور یا کو کہتے ہیں۔

منصوب: وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ یا الف یا یا آئے جیسے: اَلْمُسْلِمَ، اَلْمُسْلِمَاتِ، اَبَازَیْدٍ میں اَبَا، اَلْمُسْلِمَیْنِ، اَلْمُسْلِمِیْنَ.

جر: کسرہ، فتحہ اور یا کو کہتے ہیں۔

مجرور: وہ اسم ہے جس پر حرف جار داخل ہو یا جو مضاف الیہ ہو جیسے: عَلَی الْمُسْلِمِ، عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ، عَلٰی اَبِیْ زَیْدٍ، عَلَی الْمُسْلِمَیْنِ، عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ اور جیسے: وَلَدُ الْمُسْلِمِ، وَلَدُ اِبْرَاهِیْمَ، غُلَامُ الْمُسْلِمِیْنَ.

جملہ اسمیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جز اسم ہو جیسے: زَیْدٌ عَالِمٌ.

جملہ فعلیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جز فعل ہو جیسے: عَلِمَ زَیْدٌ.

اسم اشارہ: وہ لفظ ہے جس سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے جیسے اردو میں ''یہ، وہ'' اور عربی میں ''هٰذَا، ذٰلِكَ''۔

مشارٌ الیہ: وہ چیز ہے جس پر اشارہ کیا جائے جیسے: ''هٰذَا الْقُرْآنُ'' اس مثال میں اَلْقُرْآنُ مشارٌ الیہ ہے۔

ضمیر: وہ اسم ہے جو متکلّم یا حاضر یا غائب کو بتانے کے لیے مقرر کیا گیا ہو جیسے: أَنَا (میں) أَنْتَ (تو) هُوَ (وہ) نَحْنُ (ہم، ہم دو، ہم لوگ) اَنْتُمْ (تم لوگ)

فاعل: وہ اسم ہے جو فعل کے بعد ہو اور اس سے فعل کا تعلق بطور قیام ہو جیسے: ''ضَرَبَ زَیْدٌ'' (زید نے مارا) اس مثال میں زَیْدٌ فاعل ہے۔

اسم استفہام: وہ اسم ہے جس کے ذریعہ کسی چیز کو پوچھا جائے۔ جیسے: مَا • مَنْ • کَیْفَ • أَیْنَ • کَمْ •

فعل معروف: وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر کیا جائے جیسے: ''قَتَلَ رَجُلٌ'' (قتل کیا ایک آدمی نے) اس مثال میں قَتَلَ فعل معروف ہے۔

فعل مجہول: وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر نہ کیا جائے جیسے: ''قُتِلَ زَیْدٌ'' (قتل کیا گیا زید) اس مثال میں زَیْدٌ نائب فاعل ہے۔

مفعول بہ: وہ اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے: ''قَتَلْتُ زَیْدًا'' (میں نے زید کو قتل کیا) اس مثال میں زَیْدًا مفعول بہ ہے کیونکہ فاعل کا فعل زید پر واقع ہے۔

منصوب: وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ، یا الف یا یا آئے جیسے: ''اَلْمُسْلِمَ • اَلْاٰیَاتِ • اَخَازَ یَدٍ • اَلْمُسْلِمَیْنِ • اَلْمُسْلِمِیْنَ.

مفعول فیہ: وہ اسم ہے جس کا مصداق فاعل کے فعل کے لیے وقت یا جگہ واقع ہو جیسے: ''اَلْوَلَدُ دَخَلَ الْمَدْرَسَۃَ • اِغْتَسَلْتُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ'' ان مثالوں میں اَلْمَدْرَسۃُ اور یَوْمَ الْجُمُعَۃِ مفعول فیہ ہے۔ ترکیب میں مفعول فیہ کو ظرف بھی کہتے ہیں۔

مفعول مطلق: وہ مصدر ہے جس سے پہلے کوئی فعل اسی مصدر کے معنی میں ہو جیسے: ''جَلَسْتُ جَلْسَۃً'' اس مثال میں جَلْسَۃً مفعول مطلق ہے۔

حال: وہ اسم ہے جو فاعل یا مفعول بہ کی حالت بیان کرے۔

ذوالحال: وہ فاعل یا مفعول بہ ہے جس کی حالت بیان کی گئی ہو جیسے: ''ذَھَبَ زَیْدٌ رَاکِبًا'' (زید سوار ہو کر گیا) اس مثال میں زَیْدٌ فاعل اور ذوالحال ہے رَاکِبًا حال ہے۔

تمیز: وہ اسم ہے جو پوشیدگی دور کرے۔

ممیز: وہ اسم ہے جس میں ابہام اور پوشیدگی ہو جیسے:"زَیْدٌ اَحْسَنُ وَجْھًا"اس مثال میں اَحْسَنُ **ممیز** اور وَجْھًا اس کی **تمیز** ہے۔

منادیٰ: وہ اسم ہے جس پر حرف ندا داخل ہو جیسے :"یَارَجُلُ "یعنی اے آدمی ،اس مثال میں رَجُلُ منادی ہے۔

ندا: وہ حرف ہے جس کو پکارنے کے لیے وضع کیا گیا ہو جیسے :یَا.

حروف مشبہ بہ فعل: وہ حروف ہیں جو جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو منصوب اور خبر کو مرفوع کرتے ہیں جیسے:"اِنَّ اللہَ عَلِیْمٌ"حروف مشبہ بہ فعل چھ ہیں اِنَّ •أَنَّ • کَأَنَّ • لٰکِنَّ •لَیْتَ • لَعَلَّ •

فعل ناقص: وہ فعل ہے جو جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو مرفوع اور خبر کو منصوب کرے جیسے:"کَانَ زَیْدٌ قَائِمًا" افعال ناقصہ سترہ ہیں کَانَ •صَارَ •ظَلَّ •بَاتَ • اَصْبَحَ •اَمْسی اَضْحیٰ• رَاحَ•آضَ• عَادَ•غَدَا• مَازَالَ• مَابَرِحَ• مَافَتِیءَ• مَاانَفَكَّ•مَادَامَ•لَیْسَ•

اضافت منیہ، لامیہ، ظرفیہ کا استعمال

اضافت منیہ: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر مِنْ حرف جار داخل ہو جیسے:"جُزْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ"یعنی قرآن کا ایک پارہ۔

اضافت لامیہ: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر لام حرف جار آئے جیسے :"وَلَدٌلِزَیْدٍ"یعنی زید کا ایک لڑکا۔

اضافت ظرفیہ: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر فِی حرف جار داخل ہو جیسے :"اَلْمُصَارِعُ فِیْ دِھْلِیْ"یعنی دہلی کا پہلوان۔

مؤکد: وہ کلمہ جس کی تاکید لائی جائے۔

تاکید: وہ لفظ ہے جس سے کسی کلمہ میں زور پیدا کیا جائے جیسے:"خَطَبَ الطُلَّابُ کُلُّھُمْ"تمام طلبہ نے تقریر کی۔اس مثال میں اَلطُّلَّابُ مؤکد اور کُلُّھُمْ اس کی تاکید ہے۔

درس (۱)

هٰذَا جَمَلٌ .ذٰلِكَ كَلْبٌ.ذٰلِكَ فَرَسٌ.هٰذَا كِتَابٌ .هٰذَا جَمَلٌ. ذٰلِكَ فَرَسٌ.هٰذَا كَلْبٌ .ذٰلِكَ جَمَلٌ .ذٰلِكَ فَرَسٌ .هٰذَا كَلْبٌ.هٰذَا كِتَابٌ .ذٰلِكَ عَرَبِيٌّ.

ترجمہ:- یہ اونٹ ہے•وہ کتا ہے•وہ گھوڑا ہے•یہ کتاب ہے•یہ اونٹ ہے•وہ گھوڑا ہے•یہ کتا ہے•وہ اونٹ ہے•وہ گھوڑا ہے•یہ کتا ہے•یہ کتاب ہے•وہ عربی ہے•

ترجمہ کرو:- هٰذَا كَلْبٌ •ذٰلِكَ فَرَسٌ• هٰذَا جَمَلٌ• ذٰلِكَ كَلْبٌ• هٰذَا فَرَسٌ• ذٰلِكَ جَمَلٌ •هٰذَا قَلَمٌ• ذٰلِكَ كِتَابٌ •هٰذَا إِنْسَانٌ •ذٰلِكَ حَيَوَانٌ• هٰذَا سُؤَالٌ• ذٰلِكَ جَوَابٌ• ذٰلِكَ كِتَابٌ• ذٰلِكَ قُرْآنٌ• هٰذَا عَرَبِيٌّ• ذٰلِكَ سَهْلٌ•

درس (۲)

مَنْ هٰذَا ؟ هٰذَا رَجُلٌ .مَا ذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ قِرْدٌ .مَنْ هٰذَا؟ هٰذَا وَلَدٌ.مَا ذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ حِمَارٌ.

ترجمہ:- یہ کون ہے؟ یہ مرد ہے • وہ کیا ہے؟ وہ بندر ہے • یہ کون ہے؟ یہ لڑکا ہے • وہ کیا ہے؟ وہ گدھا ہے۔

ترجمہ کرو:- مَنْ هٰذَا؟ هٰذَا رَجُلٌ •مَنْ ذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ وَلَدٌ• ذٰلِكَ جَمَلٌ •هٰذَا فَرَسٌ• مَا هٰذَا؟ هٰذَا قِرْدٌ •مَا ذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ كَلْبٌ •هٰذَا حِمَارٌ • ذٰلِكَ كُرْسِيٌّ• ذٰلِكَ أُسْتَاذٌ• هٰذَا وَلَدٌ •هٰذَا كِتَابٌ• ذٰلِكَ عَرْبِيٌّ• مَنْ مُحَمَّدٌ ﷺ ؟ ذٰلِكَ إِنْسَانٌ• ذٰلِكَ رَسُوْلٌ• هٰذَا مَذْهَبٌ• ذٰلِكَ إِسْلَامٌ• مَا هٰذَا؟ هٰذَا كِتَابٌ• ذٰلِكَ قُرْآنٌ•

درس (۳)

أَنَا وَلَدٌ. أَنْتَ وَلَدٌ. أَنَا كَبِيْرٌ. أَنْتَ صَغِيْرٌ .ك: هَلْ أَنْتَ صَغِيْرٌ ؟ ص :نَعَمْ، أَنَا صَغِيْرٌ .ص: هَلْ أَنْتَ صَغِيْرٌ؟ ك: لَا، أَنَا كَبِيْرٌ ، لَا صَغِيْرٌ. ك: هَلْ أَنْتَ كَبِيْرٌ؟ ص: لَا، أَنَا صَغِيْرٌ ، لَا كَبِيْرٌ .ص: هَلْ هٰذَا كِتَابٌ ؟ ك: نَعَمْ هٰذَا كِتَابٌ .ص: هَلْ ذٰلِكَ فَارِسِيٌّ ؟ كَ: لَا، ذٰلِكَ عَرَبِيٌّ، لَا فَارِسِيٌّ.

ترجمہ:۔

• میں لڑکا ہوں	:	تو لڑکا ہے
• میں بڑا ہوں	:	تو چھوٹا ہے۔
• بڑا	:	کیا تو چھوٹا ہے؟
• چھوٹا	:	ہاں: میں چھوٹا ہوں
• چھوٹا	:	کیا تو چھوٹا ہے؟
• بڑا	:	نہیں، میں بڑا ہوں، چھوٹا نہیں۔
• بڑا	:	کیا تو بڑا ہے؟
• چھوٹا	:	نہیں، میں چھوٹا ہوں، بڑا نہیں۔
• چھوٹا	:	کیا یہ کتاب ہے؟
• بڑا	:	ہاں: یہ کتاب ہے۔
• چھوٹا	:	کیا وہ فارسی ہے؟
• بڑا	:	نہیں، وہ عربی ہے، فارسی نہیں۔

ترجمہ کرو:۔ هٰذَا دِيْنٌ • هَلْ ذٰلِكَ إِسْلَامٌ؟ نَعَمْ: ذٰلِكَ إِسْلَامٌ • هٰذَا قُرْآنٌ • هَلْ ذٰلِكَ عَرَبِيٌّ ؟ نَعَمْ: ذٰلِكَ عَرَبِيٌّ • هٰذَا كِتَابٌ • هَلْ ذٰلِكَ

فَارْسِيٌّ ؟ لَا ، ذٰلِكَ عَرَبِيٌّ • مَا هٰذَا ؟ مَا ذٰلِكَ ؟ مَنْ أَنَا ؟ مَنْ أَنْتَ ؟ مَنْ هٰذَا ؟
هَلْ أَنْتَ مُسْلِمٌ ؟ نَعَمْ : أَنَا مُسْلِمٌ •

درس (۴)

كِتَابٌ . اَلْكِتَابُ . اَلْكِتَابُ . قُرْآنٌ . اَلْقُرْآنُ . اَلْقُرْآنُ . دَرْسٌ . اَلدَّرْسُ .
اَلدَّرْسُ . دِيْنٌ . اَلدِّيْنُ . اَلدِّيْنُ . بَيْتٌ . اَلْبَيْتُ . اَلْبَيْتُ .

اَلْبَيْتُ . اَلْوَلَدُ . اَلْكِتَابُ . اَلْوَرَقُ . اَلْجَمَلُ . اَلْفَرَسُ . اَلْحِمَارُ . اَلْقِرْدُ .
اَلْكَلْبُ . اَلدَّرْسُ . اَلْبَيتُ . اَلرَّجُلُ .

قُرْآنٌ . دِيْنٌ . اِسْلَامٌ . رَجُلٌ . دَرْسٌ . عَرَبِيٌّ . جَمَلٌ . حِمَارٌ . كَلْبٌ . قِرْدٌ .
فَرَسٌ . وَلَدٌ .

اَلدَّرْسُ . اِسْلَامٌ . دِيْنٌ . رَجُلٌ . حِمَارٌ . اَلْفَرَسُ . جَمَلٌ . اَلْكَلْبُ . اَلْبَيْتُ .
اَلْقُرْآنُ . رَسُوْلٌ . اِسْلَامٌ . اَلْعَرَبُ . عَرَبِيٌّ . اَلْجَنَّةُ . اَلْعِلْمُ . قِرْدٌ . اَلْجَمَلُ . زَهْرٌ .
اَلْوَرَقُ . اَلْحِمَارُ . فَرَسٌ . اَلصَّغِيْرُ . كَبِيْرٌ .

ترجمہ:-کوئی کتاب •کتاب •کتاب •کوئی قرآن •قرآن ۔قرآن •کوئی سبق •سبق •سبق •کوئی دین •دین •دین •کوئی گھر •گھر •گھر •

گھر •لڑکا •کتاب •پتّا •اونٹ •گھوڑا •گدھا •بندر •کتا •سبق •گھر •آدمی •

پڑھو اور لکھو:—کوئی قرآن •کوئی دین •اسلام •کوئی آدمی •کوئی سبق •کوئی عربی •کوئی اونٹ •کوئی گدھا •کوئی کتا •کوئی بندر •کوئی گھوڑا •کوئی لڑکا •سبق •اسلام • دین • آدمی • گدھا •گھوڑا •اونٹ •کتا •گھر •قرآن •رسول •اسلام •عرب •عربی •جنت •علم •بندر •اونٹ •پھول •پتا •گدھا •گھوڑا •چھوٹا •بڑا •

درس (۵)

اَلْقُرْآنُ كِتَابٌ. اَلْكِتَابُ عَرَبِيٌّ .اَلْعِلْمُ مُفِيْدٌ. اَلإِسْلَامُ دِيْنٌ. اَلأَدَبُ وَاجِبٌ.اَلدَّرْسُ سَهْلٌ.اَلْجَمَلُ طَوِيْلٌ.اَلْبَيْتُ جَدِيْدٌ. اَلزَّهْرُ صَغِيْرٌ .اَلشَّجَرُ كَبِيْرٌ. اَللَّعِبُ ضَرُوْرِيٌّ.

ترجمہ:- قرآن کتاب ہے•کتاب عربی ہے•علم مفید ہے•اسلام دین ہے • ادب ضروری ہے•سبق آسان ہے•اونٹ لمبا ہے•گھر نیا ہے•پھول چھوٹا ہے•درخت بڑا ہے•کھیل ضروری ہے•۔

جوابات:-أَنَا وَلَدٌ • نَعَمْ، أَنَا كَبِيْرٌ • لَا،أَنَا كَبِيْرٌ لَا صَغِيْرٌ • نَعَمْ ،هٰذَا كِتَابٌ • نَعَمْ،ذٰلِكَ قُرْاٰنٌ • نَعَمْ، مُحَمَّدٌ(ﷺ)رَسُوْلٌ •

ترجمہ کرو:- اَلْعِلْمُ ضَرُوْرِيٌّ • اَللَّعِبُ مُفِيْدٌ • اَلْبَيْتُ كَبِيْرٌ • اَلْفَرَسُ صَغِيْرٌ • اَلشَّجَرُ طَوِيْلٌ • اَلزَّهْرُ كَبِيْرٌ • هَلِ الْجَمَلُ كَبِيْرٌ؟ هَلِ الْكَلْبُ مُفِيْدٌ؟ ذٰلِكَ دَرْسٌ • اَلدَّرْسُ سَهْلٌ • هَلْ ذٰلِكَ قُرْاٰنٌ؟ نَعَمْ، ذٰلِكَ قُرْاٰنٌ • هَلْ ذٰلِكَ عَرَبِيٌّ ؟ نَعَمْ ،ذٰلِكَ عَرَبِيٌّ لَا فَارْسِيٌّ • مَنْ أَنْتَ؟ أَنَاوَلَدٌ • هَلْ أَنْتَ مُسْلِمٌ؟ نَعَمْ، أَنَا مُسْلِمٌ • مَنْ مُحَمَّدٌ (ﷺ)؟ مُحَمَّدٌ (ﷺ) رَسُوْلٌ • مَاالْإِسْلَامُ؟ اَلْإِسْلَامُ دِيْنٌ • اَلسَّلَامُ وَاجِبٌ •

درس (٦)

اَلْبَيْتُ.اَلْمَدْرَسَةُ. فِي الْبَيْتِ.فِي الْمَدْرَسَةِ . اَلْفَرَسُ.اَلْجَمَلُ.عَلَى الْفَرَسِ.عَلَى الْجَمَلِ.اَلْمَيْدَانُ.اَلْمَسْجِدُ.إِلَى الْمَيْدَانِ.إِلَى الْمَسْجِدِ. اَلْوَلَدُ .اَلْوَالِدُ .لِلْوَلَدِ.(لِ الْوَلَدِ) لِلْوَالِدِ(لِ الْوَالِدِ) .اَلْبَيْتُ .اَلْمَدْرَسَةُ .

مِنَ الْبَيْتِ. مِنَ الْمَدْرَسَةِ. فِي الْقُرْآنِ. مِنَ اللهِ. مِنَ الْبَيْتِ. إِلَى الْمَسْجِدِ. إِلَى الْمَيْدَانِ. فِي اللَّعِبِ. لِلّٰهِ. لِلْوَلَدِ. عَلَى الْوَالِدِ.

ترجمہ:- گھر. مدرسہ. گھر میں. مدرسہ میں. گھوڑا. اونٹ. گھوڑے پر. اونٹ پر. میدان. مسجد. میدان تک. مسجد تک. لڑکا. باپ. لڑکے کے لیے. باپ کے لیے. گھر. مدرسہ. گھر سے. مدرسہ سے. قرآن میں. اللہ سے۔ گھر سے. مسجد تک. میدان تک. کھیل میں. اللہ کے لیے. لڑکے کے لیے. باپ پر.

ترجمہ کرو:- فِي الْمَدْرَسَةِ فِي الْبَيْتِ • مِنَ الْمَيْدَانِ • مِنَ الْمَدْرَسَةِ • عَلَى الْفَرَسِ • عَلَى الْجَمَلِ • لِلْعِلْمِ • لِلدِّيْنِ • إِلَى الْبَيْتِ • إِلَى الْقِيَامَةِ • مِنَ الْبَيْتِ إِلَى الْمَدْرَسَةِ • اَلْحِمَارُ • مِنَ الصَّغِيْرِ إِلَى الْكَبِيْرِ • مِنَ الْأَوَّلِ إِلَى الْأٰخِرِ • عَلَى الشَّجَرِ • فِي اللَّعِبِ • اَلزَّهْرُ • لِلَّعِبِ • اَلْقِرْدُ • اَلْكَلْبُ • عَلَى اللهِ •.

حرکات لگاؤ، لکھو اور پڑھو

فِي الْقُرْآنِ • عَلَى اللهِ • اَلدَّرْسُ • لِلْعِلْمِ • إِسْلَامٌ • مِنَ الْمَسْجِدِ • اَلدِّيْنُ • لِلرَّسُوْلِ • مِنَ الزَّهْرِ • اَلشَّجَرُ • إِلَى الْبَيْتِ • فِي الْجَنَّةِ • عَلَى الْجَمَلِ • لِلْفَرَسِ • حِمَارٌ • لِلَّعِبِ • مِنَ الْكَبِيْرِ • لِلصَّغِيْرِ • عَلَى الرَّجُلِ • كَلْبٌ •.

درس (۷)

أَيْنَ الْوَلَدُ؟ اَلْوَلَدُ عَلَى الْكُرْسِيِّ. أَيْنَ الْكُرْسِيُّ؟ اَلْكُرْسِيُّ عَلَى الأَرْضِ. أَيْنَ الْقَلَمُ؟ اَلْقَلَمُ فِي الْجَيْبِ. كَيْفَ الْوَلَدُ؟ اَلْوَلَدُ طَيِّبٌ. أَيْنَ السَّمَكُ؟ اَلسَّمَكُ فِي الْمَاءِ. أَيْنَ الزَّهْرُ؟ اَلزَّهْرُ عَلَى الشَّجَرِ. كَيْفَ الزَّهْرُ؟ اَلزَّهْرُ جَمِيْلٌ.

ترجمہ:- لڑکا کہاں ہے؟ لڑکا کرسی پر ہے• کرسی کہاں ہے؟ کرسی زمین پر ہے• قلم کہاں ہے؟ قلم جیب میں ہے• لڑکا کیسا ہے؟ لڑکا اچھا ہے• مچھلی کہاں ہے؟ مچھلی پانی میں ہے• پھول کہاں ہے؟ پھول درخت پر ہے• پھول کیسا ہے؟ پھول خوب صورت ہے•۔

جوابات:-أَنَا طَيِّبٌ•أَنَا فِي الْبَيْتِ•اَلْقَلَمُ فِي الْجَيْبِ•اَلأُسْتَاذُ فِي الْمَدْرَسَةِ• اَلْكُرْسِيُّ عَلَى الأَرْضِ•اَلأُسْتَاذُ طَيِّبٌ•اَلْوَلَدُ عَلَى الْكُرْسِيِّ• اَلسَّمَكُ فِي الْمَاءِ• اَلزَهْرُ عَلَى الشَّجَرِ•مُحَمَّدٌ رَسُوْلٌ ﷺ • نَعَمْ: مُحَمَّدٌ رَسُوْلٌ ﷺ•

ترجمہ کرو:-اَلرَّجُلُ عَلَى الْفَرَسِ•اَلْقِرْدُ عَلَى الشَّجَرِ•اَلْفَرَسُ فِي الْبَيْتِ •اَلْجَمَلُ فِي الْعَرَبِ•اَلسَّمَكُ فِي الْمَاءِ•اَلأُسْتَاذُ عَلَى الْكُرْسِيِّ•اَلوَلَدُ عَلَى الأَرْضِ•هَلْ هٰذَا بَيْتٌ؟ لَا،هٰذَا مَسْجِدٌ ،لَا بَيْتٌ• كَيْفَ الْمَاءُ ؟ اَلْمَاءُ طَيِّبٌ •اَلمَاءُ لِلْوَضُوْءِ•هَلْ ذٰلِكَ زَهْرٌ؟ نَعَمْ:ذٰلِكَ زَهْرٌ•ذٰلِكَ جَمِيْلٌ•اَلْقُرْآنُ فِي الْعَرَبِيِّ •مَاالإِسْلَامُ؟ اَلإِسْلَامُ دِيْنٌ•كَيْفَ الدِّيْنُ؟ اَلدِّيْنُ سَهْلٌ•أَيْنَ مَكَّةُ ؟ مَكَّةُ فِي الْعَرَبِ•.

درس (۸)

اَلْحَمْدُ ثَابِتٌ لِلّٰهِ .اَلْقُرْآنُ هِدَايَةٌ لِلإِنْسَانِ. اَلْعَمَلُ ضَرُوْرِيٌّ لِلْعَالِمِ.اَلأُسْتَاذُ جَالِسٌ عَلَى الْكُرْسِيِّ. اَلْوَلَدُ وَاقِفٌ عَلَى الأَرْضِ. اَلْقَلَمُ لَازِمٌ لِلْكِتَابَةِ. وَالْكِتَابُ لَازِمٌ لِلْقِرَاءَةِ .اَلْعِلْمُ نِعْمَةٌ لِلإِنْسَانِ .اَلدَّرْسُ سَهْلٌ لِلْوَلَدِ.

ترجمہ:-تمام تعریف اللہ کے لیے ثابت ہے•قرآن انسان کے لیے ہدایت ہے•عمل عالم کے لیے ضروری ہے•استاد کرسی پر بیٹھا ہے•لڑکا زمین پر کھڑا ہے•قلم لکھنے کے لیے ضروری

ہے•اور کتاب پڑھنے کے لیے ضروری ہے•علم انسان کے لیے نعمت ہے•سبق لڑکے کے لیے آسان ہے۔

ترجمہ کرو:-اَلسَّلَامُ وَاجِبٌ عَلَى الصَّغِيْرِ•اَلشُّكْرُ لَازِمٌ لِلإِنْسَانِ •اَلْمَاءُ ضَرُوْرِيٌّ لِلإِنْسَانِ•اَلأَدَبُ وَاجِبٌ عَلَى الْوَلَدِ•اَلسَّائِلُ وَاقِفٌ عَلَى الأَرْضِ •اَلأَمِيْرُ جَالِسٌ عَلَى الْفَرَسِ•اَلرَّجُلُ فِى الْكِتَابَةِ•اَلْوَلَدُ فِى الْقِرَاءَةِ• اَللِّبَاسُ ضَرُوْرِيٌّ لِلْإِنْسَانِ•هَلِ الْقُرْآنُ لِلْقَسَمِ؟هَلْ ذٰلِكَ لِلتَّبَرُّكِ ؟ لَا،ذٰلِكَ لِلْعَمَلِ•اَلْإِسْلَامُ مِنَ الْعَمَلِ لَا مِنَ الْعِلْمِ•هَلِ الْإِنْسَانُ مِنَ الْقِرْدِ ؟لَا، ذٰلِكَ مِنْ آدَمَ، لَا مِنَ الْقِرْدِ•أَيْنَ الْهِدَايَةُ؟

اَلْهِدَايَةُ فِى الْقُرْآنِ•هَلِ الْحَمْدُ ثَابِتٌ لِلإِنْسَانِ؟ لَا، ذٰلِكَ لِلّٰهِ فَقَطْ •اَلْعِزَّةُ لِلْعَالِمِ •وَالذِّلَّةُ لِلْجَاهِلِ•اَلْإِنْسَانُ جَاهِلٌ، لَا عَالِمٌ •اَللّٰهُ عَالِمٌ•.

درس (۹)

أَنَا وَلَدٌ. أَنْتَ وَلَدٌ. أَنَا قَصِيْرٌ. أَنْتَ طَوِيْلٌ. أَنَا سَمِيْنٌ. أَنْتَ هَزِيْلٌ .أَنَا جَالِسٌ عَلَى الْكُرْسِيِّ. وَهُوَ وَاقِفٌ عَلَى الأَرْضِ. أَنَا مَشْغُوْلٌ بِالْقِرَاءَةِ. وَهُوَ مَشْغُوْلٌ بِاللَّعِبِ .أَنَا مُسْلِمٌ وَهُوَ أَيْضًا مُسْلِمٌ .أَنَا فِي الْقِرَاءَةِ وَهُوَ فِي اللَّعِبِ .هٰذَا جَيِّدٌ فِي الْقِرَاءَةِ .وَذٰلِكَ جَيِّدٌ فِي اللَّعِبِ.

ترجمہ:- میں لڑکا ہوں•تو لڑکا ہے•میں پست قد ہوں•تو لمبا ہے•میں موٹا ہوں•تو دبلا ہے•میں کرسی پر بیٹھا ہوں•اور وہ زمین پر کھڑا ہے•میں پڑھنے میں مشغول ہوں•اور وہ کھیل میں مشغول ہے•میں مسلمان ہوں اور وہ بھی مسلمان ہے•میں پڑھنے میں (مشغول) ہوں اور وہ کھیل میں (مشغول) ہے•یہ پڑھنے میں اچھا ہے اور وہ کھیلنے میں اچھا ہے۔

جوابات:۔أَنَاوَلَدٌ•أَنَاطَيِّبٌ•نَعَمْ:أَنَامُسْلِمٌ •نَعَمْ:لِلّٰهِ حَمْدٌ • لَا، أَنَا سَمِيْنٌ، لَا هَزِيْلٌ • لَا، أَنَا جَيِّدٌ فِي الْقِرَاءَةِ،لَا فِي اللَّعِبِ•نَعَمْ: أَنَا سَمِيْنٌ • اَلأُسْتَاذُ عَلَى الْكُرْسِيِّ•هُوَ طَيِّبٌ•.

ترجمہ کرو:۔أَنَا طَوِيْلٌ، لَا قَصِيْرٌ•أَنْتَ جَيِّدٌ فِي اللَّعِبِ•هُوَ جَيِّدٌ فِي الْقِرَاءَةِ •ذٰلِكَ هَزِيْلٌ، لَا سَمِيْنٌ•كَيْفَ هُوَ فِي الْكِتَابَةِ؟ هُوَ جَيِّدٌ فِي الْكِتَابَةِ •اَلْعِلْمُ مُفِيْدٌ وَاللَّعِبُ اَيْضًا مُفِيْدٌ•اَلْمَاءُ ضَرُوْرِيٌّ لِلْوَضُوْءِ• اَلْمَسْجِدُ لِلْعِبَادَةِ ،لَا لِلَّعِبِ•مَا الْإِسْلَامُ ؟ اَلْإِسْلَامُ دِيْنٌ•ذٰلِكَ مِنَ الْعَمَلِ•اَلْعَمَلُ ضَرُوْرِيٌّ لِلْإِسْلَامِ•.

درس (۱۰)

هٰذَا فَارٌ .هٰذَاالْفَارُ صَغِيْرٌ.ذٰلِكَ قِطٌّ. ذٰلِكَ الْقِطُّ كَبِيْرٌ وَهُوَ أَبْيَضُ . ذٰلِكَ طَائِرٌ .ذٰلِكَ الطَّائِرُ غُرَابٌ وَهُوَ أَسْوَدُ .هٰذَا دَرْسٌ.هٰذَاالدَّرْسُ جَدِيْدٌ.وَهُوَ سَهْلٌ، لَا صَعْبٌ .

ترجمہ:۔ یہ چوہا ہے• یہ چوہا چھوٹا ہے•وہ بلّا ہے•وہ بلّا بڑا ہے اور وہ سفید ہے•وہ پرندہ ہے•وہ پرندہ کوا ہے اور وہ کالا ہے•یہ سبق ہے•یہ سبق نیا ہے•اور وہ آسان ہے، سخت نہیں۔

جوابات:۔اَلْقِطُّ أَبْيَضُ•اَلْغُرَابُ أَسْوَدُ•مَكَّةُ فِي الْعَرَبِ•لَا،اَنَا أَبْيَضُ ،لَا أَسْوَدُ• نَعَمْ،اَنَا أَبْيَضُ•لَا،اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ،لَا لِلْإِنْسَانِ•نَعَمْ:أَنَا فِيْ حَيْدَرْآبَاد•نَعَمْ ، اَلْقُرْآنُ فِي الْعَرَبِيِّ•نَعَمْ، اَلْعَرَبِيُّ لَازِمٌ لِلْمُسْلِمِ•.

ترجمہ کرو:۔ هٰذَا فَرَسٌ•هٰذَا الْفَرَسُ•ذٰلِكَ قِرْدٌ•ذٰلِكَ الْقِرْدُ •هٰذَا جَمَلٌ•هٰذَا الْجَمَلُ•ذٰلِكَ الْكَلْبُ أَسْوَدُ•هٰذَاالرَّجُلُ أَبْيَضُ،لَا أَسْوَدُ•ذٰلِكَ اللَّعِبُ •ذٰلِكَ اللَّعِبُ جَدِيْدٌ•هٰذَ االْقِطُّ هَزِيْلٌ•ذٰلِكَ الْحِمَارُ سَمِيْنٌ•كَيْفَ

ذٰلِكَ الْكِتَابُ؟ هَلْ ذٰلِكَ الْوَلَدُ مَشْغُوْلٌ بِا لْكِتَابَةِ وَالْقِرَاءَةِ ؟ هَلْ ذٰلِكَ الْبَيْتُ جَمِيْلٌ؟ هٰذَاالْقُرْآنُ•هٰذَاالْقُرْآنُ فِى الْعَرَبِيِّ•اَلْعَرَبِيُّ ضَرُوْرِيٌّ لِلْمُسْلِمِ •ذٰلِكَ الدِّيْنُ إِسْلَامٌ•ذٰلِكَ الْعَالِمُ جَيِّدٌ فِى الْعِلْمِ فَقَطْ وَ لَافِى الْعَمَلِ•اَلْعِزَّةُ لِلْعَالِمِ مِنَ الْعَمَلِ ،لَا مِنَ الْعِلْمِ•هَلْ هٰذَا مَسْجِدٌ؟•هَلِ الْمَاءُ فِى الْمَسْجِدِ لِلْوَضُوْءِ؟ نَعَمْ، وَذٰلِكَ طَيِّبٌ•هَلِ الْمَاءُ ضَرُوْرِيٌّ لِلْوَضُوْءِ؟

درس (۱۱)

هٰذَا رَسْمٌ .هٰذَاالرَّسْمُ جَمِيْلٌ جِدًّا .مَا فِي الرَّسْمِ يَا عَزِ يْزُ؟فِي الرَّسْمِ قَفَصٌ.مَا فِي القَفَصِ؟ فِي الْقَفَصِ طَائِرٌ. أَذٰلِكَ الطَّائِرُ بَبْغَاءُ؟نَعَمْ:ذٰلِكَ الطَّائِرُ بَبْغَاءُ. كَيْفَ ذٰلِكَ الطَّائِرُ ؟هُوَ جَمِيْلٌ جِدًّا.لِمَنْ هٰذَاالْقَفَصُ ؟ هٰذَ الْقَفَصُ لِفَرِ يْدٍ.

ترجمہ:- *یہ تصویر ہے•یہ تصویر بہت خوب صورت ہے•اے پیارے!تصویر میں کیا ہے ؟تصویر میں پنجرہ ہے•پنجرے میں کیا ہے؟ پنجرے میں پرندہ ہے•کیاوہ پرندہ طوطا ہے؟ ہاں:وہ پرندہ طوطا ہے•وہ پرندہ کیسا ہے؟وہ بہت خوب صورت ہے•یہ پنجرہ کس کا ہے؟یہ پنجرہ فرید کا ہے۔*

جوابات:- ذٰلِكَ الرَّسْمُ جَمِيْلٌ جِدًّا•اَلطَّائِرُ فِى الْقَفَصِ•نَعَمْ: هُوَ لِفَرِ يْدٍ• لَا ،هُوَ أَخْضَرُ•نَعَمْ: هُوَ جَمِيْلٌ•نَعَمْ: هُوَ بَبْغَاءُ•لَا،ذٰلِكَ الْقَفَصُ صَغِيْرٌ ،لَا كَبِيْرٌ•لَا، هٰذَا الدَّرْسُ سَهْلٌ،لَا صَعْبٌ.

ترجمہ کرو:- لِمَنْ هٰذَاالْكِتَابُ؟ لِمَنِ الْبَبْغَاءُ؟ لِمَنْ ذٰلِكَ الْقَفَصُ؟ كَيْفَ هٰذَاالرَّسْمُ؟ أَذٰلِكَ الْبَيْتُ جَمِيْلٌ؟هٰذَا الْفَارُ سَمِيْنٌ جِدًّا• ذٰلِكَ الْقِطُّ هَزِ يْلٌ جِدًّا•ذٰلِكَ الْوَلَدُ أَسْوَدُ•هٰذَ االرَّجُلُ أَبْيَضُ•اَلْإِسْلَامُ

دِيْنٌ•هٰذَ االدِّيْنُ سَهْلٌ جِدًّا•لَا صَعْبٌ•أَهٰذَاالْكِتَابُ قُرْآنٌ؟ نَعَمْ: هٰذَ ا الْكِتَابُ قُرْآنٌ•وَ هُوَ مُبَارَكٌ • كَيْفَ هٰذَ االدَّرْسُ يَا فَرِ يْدُ!؟ هٰذَاالدَّرْسُ سَهْلٌ ،لَا صَعْبٌ•.

درس (۱۲)

فِي هٰذَاالرَّسْمِ اَصِيْصٌ.وَفِي ذٰلِكَ الأَصِيْصِ غَرْسٌ.عَلٰى ذٰلِكَ الْغَرْسِ وَرَقٌ وَوَرْدٌ .اَلْوَرَقُ أَخْضَرُ وَالْوَرْدُ أَحْمَرُ .لِمَنْ ذٰلِكَ الأَصِيصُ ؟ ذٰلِكَ الأَصِيْصُ لِذٰلِكَ الرَّجُلِ .هَلْ ذٰلِكَ الْغَرْسُ مِنَ الْحَدِيْقَةِ؟ نَعَمْ:ذٰلِكَ الْغَرْسُ مِنَ الْحَدِيْقَةِ. لِمَنْ الْحَدِيْقَةُ ؟

اَلْحَدِيْقَةُ لَذٰلِكَ الرَّجُلِ وَهُوَ عَلَى الْكُرْسِيِّ.فِي الْحَدِيْقَةِ زَهْرٌ،وَ فَاكِهَةٌ أَيْضًا .

ترجمہ:- *اس تصویر میں کونڈا ہے•اور اس کونڈے میں پودا ہے•اُس پودے پر پتّا اور گلاب ہے•پتّا ہرا ہے اور گلاب سرخ ہے•وہ کونڈا کس کا ہے؟وہ کونڈا اُس آدمی کا ہے•کیا وہ پودا باغ کا ہے؟ہاں؛وہ پودا باغ کا ہے•باغ کس کا ہے؟باغ اُس آدمی کا ہے اور وہ کرسی پر(بیٹھا) ہے•باغ میں پھول اور میوہ بھی ہے۔*

جوابات:- نَعَمْ: ذٰلِكَ الرَّسْمُ جَمِيْلٌ•اَلْغَرْسُ فِى الْأَصِيْصِ•اَلْوَرْدُ عَلَى الْغَرْسِ • اَلْوَرْدُ لِذٰلِكَ الرَّجُلِ•ذٰلِكَ الرَّجُلُ عَلَى الْكُرْسِيِّ•اَلْوَرْدُ أَحْمَرُ •اَلْغَرْسُ أَخْضَرُ•.

ترجمہ کرو:- اَلْبَبْغَاءُ فِى هٰذَا الْقَفَصِ •اَلْفَاكِهَةُ فِىْ ذٰلِكَ الدُّكَّانِ • اَلْأَصِيْصُ فِىْ هٰذَا الرَّسْمِ •ذٰلِكَ الْوَلَدُ فِى الْحَدِيْقَةِ•مَنْ فِىْ هٰذَاالْبَيْتِ؟ ذٰلِكَ الْكِتَابُ لِذٰلِكَ الْوَلَدِ•هٰذَاالْغَرْسُ جَمِيْلٌ• هٰذَاالْمُلْكُ لِلّٰهِ•لِمَنْ هٰذَاالرَّسْمُ؟

ذٰلِكَ الرَّسْمُ لِذٰلِكَ الْعَالِمِ•هَلِ الرَّسْمُ جَائِزٌ فِى الْإِسْلَامِ؟ فِى الْحَوْضِ مَاءٌ•اَلْـمَـاءُ طَيِّبٌ لِلْوُضُوْءِ•.

درس (۱۳)

اَللّٰهُ مَوْجُوْدٌ. اَللّٰهُ لَيْسَ بِغَائِبٍ.اَللّٰهُ رَحِيْمٌ .اَللّٰهُ لَيْسَ بِظَالِمٍ.اَلإِسْلَامُ حَقٌّ .اَلْإِسْلَامُ لَيْسَ بِبَاطِلٍ.اَلْقِرْدُ حَيَوَانٌ .اَلْقِرْدُ لَيْسَ بِإِنْسَانٍ .اَلْـمَاءُ كَثِيْرٌ .اَلْمَاءُ لَيْسَ بِقَلِيْلٍ .اَلتِّيْنُ حُلْوٌ .اَلتِّيْنُ لَيْسَ بِحَامِضٍ .اَللَّيْمُوْنُ حَامِضٌ. اَللَّيْمُوْنُ لَيْسَ بِحُلْوٍ .اَلدَّرْسُ سَهْلٌ .اَلدَّرْسُ لَيْسَ بِصَعْبٍ .

ترجمہ:- اللہ موجود ہے•اللہ غائب نہیں ہے•اللہ مہربان ہے•اللہ ظالم نہیں ہے •اسلام حق ہے•اسلام باطل نہیں ہے•بندر جانور ہے•بندر انسان نہیں ہے•پانی زیادہ ہے•پانی کم نہیں ہے•انجیر میٹھا ہے•انجیر کھٹا نہیں ہے•لیموں کھٹا ہے• لیموں میٹھا نہیں ہے•سبق آسان ہے•سبق مشکل نہیں ہے۔

جوابات:- لَا، اَلْقِطُّ قَصِيْرٌ ،لَا طَوِيْلٌ•لَا،اَلْجَمَلُ طَوِيْلٌ ، لَا قَصِيْرٌ •لَا،اَلتِّيْنُ حُلْوٌ، لَاحَامِضٌ•لَا،اَلسَّمَكُ كَثِيْرٌ، لَاقَلِيْلٌ•لَا،اَلْفَارُ صَغِيْرٌ، لَاكَبِيْرٌ• نَعَمْ: اَلْقُرْآنُ مُبَارَكٌ•لَا،اَلدِّيْنُ سَهْلٌ،لَا صَعْبٌ•نَعَمْ: اَللَّيْمُوْنُ حَامِضٌ•نَعَمْ: مُحَمَّدٌ رَسُوْلٌ ﷺ•دِيْنُهُ الْإِسْلَامُ.

ترجمہ کرو:- اَلْـمَوْزُ لَيْسَ بِحَامِضٍ•اَلتِّيْنُ لَيْسَ بِكَبِيْرٍ•اَلرَّسْمُ لَيْسَ بِجَمِيْلٍ •اَلْغَرْسُ لَيْسَ بِكَبِيْرٍ•اَلْوَرْدُ لَيْسَ بِصَغِيْرٍ•اَلْأَصِيْصُ لَيْسَ بِكَبِيْرٍ•اَللّٰهُ لَيْسَ بِغَافِلٍ•اَللّٰهُ لَيْسَ بِظَالِمٍ أَيْضًا•اَلدَّرْسُ لَيْسَ بِصَعْبٍ•ذٰلِكَ الْوَلَدُ لَيْسَ بِهَزِيْلٍ•هٰذَاالْوَلَدُ لَيْسَ بِسَمِيْنٍ•ذٰلِكَ فِى الْقِرَاءَةِ لَيْسَ بِجَيِّدٍ•اَلزَّهْرُ لَيْسَ بِقَلِيْلٍ•ذٰلِكَ الرَّجُلُ لَيْسَ بِجَيِّدٍ•هُوَ جَالِسٌ ،وَلَيْسَ بِمَشْغُوْلٍ بِالْكِتَابَةِ•هٰذَا

كِتَابٌ ،وَهٰذَاالْكِتَابُ لَيْسَ بِصَعْبٍ لِلْوَلَدِ •هَلِ الْعَالِمُ لَيْسَ بِمُخْلِصٍ ؟ هَلِ اللهُ لَيْسَ بِعَالِمٍ؟ هَلِ الْـمَاءُ لِلْوَضُوْءِ لَيْسَ بِضَرُوْرِيٍّ•.

درس(۱۴)

رَبُّهٗ .رَبُّكَ .رَبِّيْ .عَبْدُهٗ .عَبْدُكَ .عَبْدِيْ .اِسْمُهٗ .اِسْمُكَ .اِسْمِي .

جَمَلُكَ .فَرَسُهٗ .كَلْبُكَ .بَبْغَائِي .حَدِيْقَتُكَ .فَاكِهَتِي .وَرْدُكَ .اَصِيْصِي .بَيْتِي .غَرْسُهٗ .رَبُّكَ .رَسُوْلُهٗ .اِيْمَانِي .صَدِيْقُهٗ .عَبْدُهٗ .

مَااسْمُكَ؟ اِسْمِي حَمِيْدٌ .كَيْفَ حَالُكَ ؟ حَالِي طَيِّبٌ .مَنْ رَبُّكَ؟ رَبِّيَ اللهُ .أَمُحَمَّدٌ رَسُوْلُهٗ؟ نَعَمْ:مُحَمَّدٌ رَسُوْلُهٗ .أَهُوَ عَبْدُهٗ؟ نَعَمْ: هُوَ عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ .اَلْإِسْلَامُ دِيْنِيْ .وَهٰذَاالدِّيْنُ سَهْلٌ .

ترجمہ:- اُس کا رب•تیرا رب•میرا رب•اُس کا بندہ•تیرا بندہ•میرا بندہ•اُس کا نام•تیرانام•میرانام•

تیرااونٹ • اُس کاگھوڑا • تیراکتا • میراطوطا • تیراباغ • میرامیوہ • تیراگلاب • میرا کونڈا • میراگھر • اُس کاپودا • تیرارب • اُس کے رسول • میراایمان • اُس کادوست • اُس کابندہ۔

تیرا نام کیا ہے؟ میرا نام حمید ہے • تو کیسا ہے؟ میں اچھا ہوں • تیرا رب کون ہے؟میرارب اللہ ہے • کیا محمد ﷺ اس کے رسول ہیں؟ ہاں: محمد ﷺ اُس کے رسول ہیں • کیاوہ اُس کے بندے ہیں؟ ہاں: وہ اُس کے بندے اور اُس کے رسول ہیں • اسلام میرا دین ہے • اور یہ دین آسان ہے۔

جوابات:- رَبِّيَ اللهُ• نَعَمْ: أَنَا عَبْدُهٗ•دِيْنِيَ الْإِسْلَامُ•رَسُوْلُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ•اِسْمُهٗ مُحَمَّدٌ ﷺ• لَا ،رَبِّي لَيْسَ بِغَافِلٍ•لَا ،دِيْنِي لَيْسَ بِبَاطِلٍ•.

ترجمہ کرو:– بَيْتُهُ• فَرَسُهُ• صَدِيْقُهُ• رَبِّي• وَرْدِيْ• أَصِيْصِي• بَبْغَاءُكَ• حَدِيْقَتُكَ• غَرْسُكَ• مَادِيْنُكَ؟ أَرَسُوْلُكَ مُحَمَّدٌ ﷺ ؟ رَبِّي رَحِيْمٌ• بَيْتِي بَيْتُكَ• فِيْ حَدِيْقَتِي فَاكِهَةٌ وَ زَهْرٌ أَيْضًا• كَيْفَ وَالِدُكَ وَ أَيْنَ هُوَ؟ مَنْ رَبُّكَ؟ رَبِّيَ اللهُ• هُوَ رَبُّكَ أَيْضًا• هٰذَا إِيْمَانِيْ• اَلْإِسْلَامُ دِيْنِيْ• وَ هُوَ حَقٌّ، لَا بَاطِلٌ•.

درس (۱۵)

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَجِيْدُ ! وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا حَمِيْدُ ! مِنْ أَيْنَ (أَنْتَ)؟ أَنَا مِنَ الْمَدْرَسَةِ. إِلَى أَيْنَ؟ إِلَى الْبَيْتِ. مَا عِنْدَكَ؟ عِنْدِيْ كِتَابٌ. أَذٰلِكَ الْكِتَابُ لَكَ؟ نَعَمْ: ذٰلِكَ الْكِتَابُ لِيْ. مَتىٰ اِمْتِحَانُكَ؟ أَهُوَ قَرِيْبٌ؟ لَا، اِمْتِحَانِي بَعِيْدٌ جِدًّا. أَوَالِدُكَ هٰهُنَا (فِي حَيدر آباد)؟ لَا، هُوَ فِي بَمْبَئِي وَهُنَاكَ لَهُ شُغْلٌ.

ترجمہ:– تم پر سلامتی ہوا ے مجید! اور تم پر بھی سلامتی ہوا ے حمید! تم کہاں سے؟ (آرہے ہو) میں مدرسہ سے (آرہاہوں)• کہاں تک؟ (جاؤگے) گھر تک (جاؤں گا)• تیرے پاس کیا ہے؟ میرے پاس کتاب ہے• کیا وہ کتاب تیری ہے؟ ہاں: وہ کتاب میری ہے• تیرا امتحان کب ہے؟ کیا وہ قریب ہے؟ نہیں، میرا امتحان بہت دور ہے• کیا تیرے والد یہاں حیدرآباد میں ہیں؟ نہیں، وہ بمبئی میں ہیں اور وہاں انھیں ایک کام ہے•۔

جوابات:– صَدِيْقِيْ مَعِيْ• هُوَ طَيِّبٌ• نَعَمْ: بَيْتِي بَعِيْدٌ• شُغْلِيْ قِرَاءَةٌ• إِمْتِحَانِي بَعِيْدٌ جِدًّا• لَا، رَبِّي لَيْسَ بِظَالِمٍ• نَعَمْ: دِيْنِيَ الْإِسْلَامُ• نَعَمْ: هٰهُنَا أَصِيْصٌ• هُوَ لِخَالِدٍ• اَلْأَرْضُ لِلّٰهِ• اَلْمُلْكُ لِلّٰهِ•.

ترجمہ کرو:- رَبِّی رَبُّكَ أَيْضًا•مَا عِنْدَكَ ؟•عِنْدِیْ بَبْغَاءُهٗ•اَلْأَزْهَارُ فِیْ حَدِيْقَتِیْ كَثِيْرَةٌ•اَلْقِرَاءَةُ شُغْلِی وَاللَّعِبُ شُغْلُهٗ•ذٰلِكَ الْكِتَابُ لِیْ•هٰذَا اَلْقَلَمُ لَهٗ •لِمَنْ هٰذَاالبَيْتُ؟ هٰذَا الْبَيْتُ لَهٗ•مَنْ هٰهُنَا؟ هٰهُنَا وَالِدِیْ•وَ هُنَاكَ صَدِيْقِیْ•دِيْنِیْ لَيْسَ بِبَاطِلٍ•اَلْقُرْآنُ فِی الْعَرَبِیِّ وَالْعَرَبِیُّ سَهْلٌ،لَا صَعْبٌ • قِرَاءَتُهٗ لِلْمُسْلِمِ ضَرُوْرِیٌّ•.

درس(١٦)

اَیُّ طَائِرٍ .اَیُّ فَصْلٍ.اَیُّ دِیْنٍ.اَیُّ مِنْهَاجٍ.كُلُّ فَصْلٍ.كُلُّ بَلَدٍ.كُلُّ شَیْء. كُلُّ مِنْهَاجٍ .

اَیُّ طَائِرٍ أَسْوَدُ؟ اَلْغُرَابُ أَسْوَدُ .اَیُّ بَلَدٍ طَيِّبٌ؟ بَلَدِیْ طَيِّبٌ. اَیُّ مِنْهَاجٍ جَدِيْدٌ؟ هٰذَاالْمِنْهَاجُ جَدِيْدٌ. أَكُلُّ شَیْءٍ رَخِيْصٌ؟ لَا،كُلُّ شَیْءٍ لَيْسَ بِرَخِيْصٍ .أَكُلُّ فَصْلٍ طَيِّبٌ ؟ لَا،كُلُّ فَصْلٍ لَيْسَ بِطَيِّبٍ.أَكُلُّ رَجُلٍ مَسْرُوْرٌ؟ لَا،كُلُّ رَجُلٍ لَيْسَ بِمَسْرُوْرٍ .

ترجمہ:- *کون سا پرندہ؟ کون سا موسم؟ کون سا دین؟ کون سا طریقہ؟ ہر موسم•ہر شہر•ہر چیز• ہر طریقہ• کون سا پرندہ کالا ہے؟ کوّا کالا ہے• کون سا شہر اچھا ہے؟ میرا شہر اچھا ہے• کون سا طریقہ نیا ہے؟ یہ طریقہ نیا ہے•کیا ہر چیز سستی ہے؟ نہیں، ہر چیز سستی نہیں ہے•کیا ہر موسم اچھا ہے؟ نہیں ہر موسم اچھا نہیں ہے•کیا ہر آدمی خوش ہے؟ نہیں، ہر آدمی خوش نہیں ہے۔*

جوابات:- اَللَّيْمُوْنُ حَامِضٌ•اَلتُّفَاحُ حُلْوٌ•اَلْجَمَلُ طَوِيْلٌ•لَا،كُلُّ وَلَدٍ لَيْسَ بِهَزِيْلٍ•لَا، كُلُّ مِنْهَاجٍ لَيْسَ بِمُفِيْدٍ•لَا،كُلُّ رَجُلٍ لَيْسَ بِمُسْلِمٍ•.

ترجمہ کرو:- أَیُّ مِنْهَاجٍ طَيِّبٌ؟ أَیُّ دِيْنٍ حَقٌّ؟ أَیُّ طَائِرٍ جَمِيْلٌ؟ أَیُّ شُغْلٍ جَيِّدٌ؟ أَیُّ عِلْمٍ مُفِيْدٌ؟ أَیُّ دِيْنٍ لَيْسَ بِبَاطِلٍ؟ أَیُّ عَمَلٍ لَيْسَ بِمُفِيْدٍ؟

أَيُّ شَيْءٍ لَيْسَ بِصَحِيْحٍ ؟ كُلُّ وَلَدٍ مَسْرُوْرٌ•أَكُلُّ عَالِمٍ جَيِّدٌ؟ أَكُلُّ غُرَابٍ أَسْوَدُ؟ أَكُلُّ بَلَدٍ جَمِيْلٌ؟ أَكُلُّ رَجُلٍ سَمِيْنٌ؟ كُلُّ رَجُلٍ لَيْسَ بِهَزِيْلٍ•كُلُّ رَجُلٍ لَيْسَ بِقَصِيْرٍ•كُلُّ مِنْهَاجٍ لَيْسَ بِسَهْلٍ• كُلُّ دِيْنٍ لَيْسَ بِحَقٍّ•كُلُّ عَالِمٍ لَيْسَ بِجَيِّدٍ•

درس (۱۷)

اَدَبٌ .اُسْتَاذٌ. اَدَبُ الْأُسْتَاذِ .دَرْسٌ. كِتَابٌ. دَرْسُ الْكِتَابِ .وَقْتٌ .لَعِبٌ. وَقْتُ اللَّعِبِ. لَوْنٌ. زَهْرٌ. لَوْنُ الزَّهْرِ.

فَصْلُ التِّيْنِ. فَضْلُ اللهِ. يَوْمُ الْجُمُعَةِ. يَوْمُ الْعِيْدِ. تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ . دَرْسُ الْعَرَبِيِّ .قَلَمُ الرَّصَاصِ. قَلَمُ الْحِبْرِ.

ترجمہ:- ادب•استاذ•استاد کا ادب•سبق•کتاب•کتاب کا سبق• وقت•کھیل•کھیل کا وقت•رنگ•پھول•پھول کا رنگ•

انجیر کا موسم • اللہ کی مہربانی • جمعہ کا دن • عید کا دن • سبق کی مشق • عربی کا سبق • پنسل • فونٹن پن •

ترجمہ کرو:- اِسْمُ الْوَلَدِ•رَسْمُ الرَّجُلِ•فَاكِهَةُ الْحَدِيْقَةِ•شُغْلُ الْبَيْتِ • لَوْنُ الْفَارِ• بَيْتُ الصَّدِيْقِ•وَقْتُ الْكِتَابَةِ•إِيْمَانُ الْمُسْلِمِ•يَوْمُ الْقِيَامَةِ• شجَرُ التِّيْنِ• فَصْلُ الْوَرْدِ•قَفَصُ الْبَبْغَاءِ•أَرْضُ الْعَرَبِ• اِسْمُ اللهِ

تَمْرِيْنُ الْكِتَابَةِ •صَدِيْقُ الْوَالِدِ •كِتَابُ اللهِ •عَذَابُ الْقَبْرِ•وَقْتُ الْقِرَاءَةِ•بَيْتُ اللهِ• لَوْنُ الْغُرَابِ•شَكْلُ السَّمَكِ•غَرْسُ الْوَرْدِ•عَبْدُ اللهِ • رَسُوْلُ اللهِ• تَعْلِيْمُ الْقُرْآنِ•مِنْهَاجُ التَّعْلِيْمِ•.

درس (۱۸)

اَدَبُ الْأُسْتَاذِ وَاجِبٌ. دَرْسُ الْكِتَابِ سَهْلٌ. تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ مُفِيْدٌ .يَوْمُ الْعِيْدِ عُطْلَةٌ. قَلَمُ الرَّصَاصِ رَخِيْصٌ. قَلَمُ الْحِبْرِ ثَمِيْنٌ. فَضْلُ اللهِ كَبِيْرٌ. دَرْسُ الْمُحَادَثَةِ مُفِيدٌ. فَصْلُ الشِّتَاءِ بَارِدٌ .فَصْلُ الصَّيْفِ حَارٌّ. اِسْمُ الْكِتَابِ مِنْهَاجُ الْعَرَبِيَّهِ .

ترجمہ:- استاد کا ادب واجب ہے• کتاب کا سبق آسان ہے• سبق کی مشق مفید ہے• عید کے دن چھٹی ہے• پنسل سستی ہے• فونٹن پن قیمتی ہے• اللہ کی مہربانی بڑی ہے• گفتگو کا سبق مفید ہے• جاڑے کا موسم ٹھنڈا ہے• گرمی کا موسم گرم ہے• کتاب کا نام منھاج العربیہ ہے•

جوابات:- لَوْنُ الْبَبْغَاءِ أَخْضَرُ•لَوْنُ الْفَارِ أَبْيَضُ•قَلَمُ الرَّصَاصِ رَخِيْصٌ• قَلَمُ الْحِبْرِ ثَمِيْنٌ•فَصْلُ الصَّيْفِ حَارٌّ•فَصْلُ الشِّتَاءِ بَارِدٌ•يَوْمُ الْعِيْدِ عُطْلَةٌ• مِنْهَاجُ جَدِيْدٍ مُفِيْدٌ•شُغْلُ الْقِرَاءَةِ جَيِّدٌ•

ترجمہ کرو:- لَوْنُ الْوَرْدِ أَحْمَرُ•يَوْمُ الْقِيَامَةِ حَقٌّ•تَعْلِيْمُ الْقُرْآنِ صَحِيْحٌ• بَيْتُ اللهِ فِيْ مَكَّةَ•يَوْمُ الْعِيْدِ قَرِيْبٌ جِدًّا•غَرْسُ الْوَرْدِ جَيِّدٌ •فَصْلُ التِّيْنِ بَعِيْدٌ•أَهٰذَا وَقْتُ الْمُحَادَثَةِ؟ لَا،هٰذَا وَقْتُ الْقِرَاءَةِ•رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْكَ•أَعِنْدَكَ قَلَمُ الْحِبْرِ؟ لَا،عِنْدِيْ قَلَمُ الرَّصَاصِ•هَوَاءُ بَلَدٍ جَيِّدٌ • فَصْلُ الشِّتَاءِ لَيْسَ بِبَعِيْدٍ•كَيْفَ عِنْدَكَ فَصْلُ الصَّيْفِ؟

درس (۱۹)

مَنْ عَلٰی هٰذَا الْكُرْسِيِّ؟ عَلَيْهِ وَلَدٌ. اَيُّ شَيْءٍ اَمَامَ الْوَلَدِ؟ اَمَامَهٗ طَاوِلَةٌ. اَيُّ شَيْءٍ فَوْقَ الطَّاوِلَةِ؟ فَوْقَ الطَّاوِلَةِ كِتَابٌ وَقَلَمُ الرَّصَاصِ. أَيْنَ قَلَمُ الرَّصَاصِ؟ هُوَ فَوْقَ الْكِتَابِ، وَالْكِتَابُ تَحْتَهٗ. مَنْ مَعَ ذٰلِكَ الْوَلَدِ؟ مَعَهٗ صَدِيْقُهٗ وَهُوَ اَمَامَهٗ. أَيْنَ بَيْتُهٗ؟ بَيْتُهٗ وَرَاءَ الْمَدْرَسَةِ. هَلْ اِمْتِحَانُهٗ قَبْلَ الْعُطْلَةِ؟ لَا، اِمْتِحَانُهٗ بَعْدَ الْعُطْلَةِ. ذٰلِكَ الْوَلَدُ مَشْغُوْلٌ بِالْقِرَاءَةِ. وَصَدِيْقُهٗ مَشْغُوْلٌ بِالْكِتَابَةِ.

ترجمہ:- اس کرسی پر کون ہے؟ اُس پر لڑکا ہے • کونسی چیز لڑکے کے سامنے ہے؟ اس کے سامنے میز ہے • کونسی چیز میز کے اوپر ہے؟ میز کے اوپر کتاب اور پنسل ہے • پنسل کہاں ہے؟ وہ کتاب کے اوپر ہے، اور کتاب اس کے نیچے ہے • اُس لڑکے کے ساتھ کون ہے؟ اُس کے ساتھ اس کا دوست ہے اور وہ اُس کے سامنے ہے • اُس کا گھر کہاں ہے؟ اُس کا گھر مدرسہ کے پیچھے ہے • کیا اس کا امتحان چھٹی سے پہلے ہے؟ نہیں، اُس کا امتحان چھٹی کے بعد ہے • وہ لڑکا پڑھنے میں مشغول ہے • اور اُس کا دوست لکھنے میں مصروف ہے۔

ترجمہ کرو: مَنْ مَعَكَ؟ مَعِيْ رَبِّي • أَنَا وَاقِفٌ أَمَامَ اللهِ • مَعَهٗ إِيْمَانُهٗ • وَمَعِيْ إِيْمَانِي • اَلْعَمَلُ لِلْعِلْمِ ضُرُوْرِيٌّ • مَتٰی اِمْتِحَانُكَ؟ اِمْتِحَانِي قَبْلَ الْعُطْلَةِ • سَفَرُكَ قَبْلَ الْعِيْدِ أَوْ بَعْدَهٗ؟ مَاتَحْتَ الْأَرْضِ؟ بَعْدَهٗ أَنَا وَبَعْدِيْ أَنْتَ • أَكُلِّ إِنْسَانٍ مَوْتٌ؟ أَيُّ دِيْنٍ حَقٌّ؟

درس (۲۰)

هٰذَا رَجُلٌ .هٰذَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ .لَهٗ خُلُقٌ .لَهٗ خُلُقٌ طَيِّبٌ .فِی يَدِهٖ كِتَابٌ .فِی يَدِهٖ كِتَابٌ عَرَبِیٌّ .وَفِي ذٰلِكَ الكِتَابِ مِنهَاجٌ جَدِيْدٌ .ذٰلِكَ الرَّجُلُ مَشْغُوْلٌ بِالْقِرَاءَةِ .هٰذَا لِسَانٌ عَرَبِیٌّ .اَلْعَرَبِیُّ لِسَانٌ قَدِيْمٌ .وَهُوَ لَازِمٌ لِكُلِّ صَغِيْرٍ وَكَبِيْرٍ .هٰذَا جُزْءٌ اَوَّلُ .لِلّٰهِ حَمْدٌ كَثِيْرٌ .وَلَهٗ فَضْلٌ كَبِيْرٌ .هٰذَا دَرْسٌ سَهْلٌ .

ترجمہ: – یہ آدمی ہے•یہ مسلمان آدمی ہے•اُس کے اخلاق ہیں•اُس کے اخلاق اچھے ہیں•اُس کے ہاتھ میں کتاب ہے•اُس کے ہاتھ میں ایک عربی کتاب ہے•اور اس کتاب میں ایک نیا طریقہ ہے•وہ آدمی پڑھنے میں مشغول ہے•یہ عربی زبان ہے•عربی پرانی زبان ہے•اور وہ ہر چھوٹے بڑے کے لیے ضروری ہے•یہ پہلا حصہ ہے•اللہ کے لیے بڑی تعریف ہے•اور اس کی بڑی مہربانی ہے•یہ آسان سبق ہے•۔

جوابات:– نَعَمْ، أَنَا وَلَدٌ مُسْلِمٌ•نَعَمْ ،اَلْقُرْآنُ كِتَابٌ مُبَارَكٌ • نَعَمْ،هُوَ فِیْ لِسَانٍ عَرَبِیٍّ•نَعَمْ، اَلشِّتَاءُ فَصْلٌ بَارِدٌ•نَعَمْ، اَلصَّيْفُ فَصْلٌ حَارٌّ•نَعَمْ، مَكَّةُ بَلَدٌ مُبَارَكٌ• نَعَمْ، فِی هٰذَا الْكِتَابِ مِنْهَاجٌ جَدِيْدٌ•نَعَمْ،فِی الْمَاءِ سَمَكٌ كَثِيْرٌ•نَعَمْ، اَلْبَبْغَاءُ طَائِرٌ جَمِيْلٌ•.

ترجمہ کرو:– بَلَدٌ طَيِّبٌ•كِتَابٌ مُبَارَكٌ•مَاءٌ بَارِدٌ•قُرْآنٌ عَرَبِیٌّ •شَيْءٌ عَجِيْبٌ • مِنْهَاجٌ جَدِيْدٌ•بَيْتٌ قَدِيْمٌ• رَجُلٌ سَمِيْنٌ•وَلَدٌ هَزِيْلٌ•رَسْمٌ جَمِيْلٌ • شَيْءٌ جَدِيْدٌ• تِيْنٌ حُلْوٌ•غَرْسٌ جَمِيْلٌ•أَصِيْصٌ صَغِيْرٌ•فَصْلٌ طَيِّبٌ •وَرْدٌ جَمِيْلٌ •رَجُلٌ مُسْلِمٌ• لِبَاسٌ ثَمِيْنٌ•شُغْلٌ صَعْبٌ•صَدِيْقٌ قَدِيْمٌ•دَرْسٌ جَدِيْدٌ •لِسَانٌ عَرَبِیٌّ•عَالِمٌ مُسْلِمٌ• تَعْلِيْمٌ دِيْنِیٌّ•خُلُقٌ طَيِّبٌ•.

درس (۲۱)

هٰذَا وَلَدٌ مُجْتَهِدٌ .اَلْوَلَدُالْمُجْتَهِدُمَحْبُوْبٌ .لَهٗ فَوْزٌ كَبِيْرٌ .فَهُوَ مَسْرُوْرٌ فِى كُلِّ وَقْتٍ .اَلْوَقْتُ عِنْدَهٗ شَيْءٌ ثَمِيْنٌ .ذٰلِكَ وَلَدٌ كَسْلَانُ .اَلْوَلَدُالْكَسْلَانُ مَذْمُوْمٌ .هُوَمَحْزُوْنٌ فِى كُلِّ وَقْتٍ.اَلْوَقْتُ عِنْدَهٗ لَيْسَ بِشَيْءٍ.اَلفَوْزُ لِلْمُجْتَهِدِ .لَا لِلْكَسْلَانِ .هٰذَا وَلَدٌغَنِيٌّ .وَذٰلِكَ وَلَدٌ فَقِيْرٌ .

ترجمہ: - یہ محنتی لڑکا ہے•محنتی لڑکا پیارا ہے•اس کے لیے بڑی کامیابی ہے•تووہ ہر وقت خوش ہے•وقت اس کے نزدیک قیمتی چیز ہے•وہ سست لڑکا ہے•سست لڑکا برا ہے•وہ ہر وقت غمگین ہے•وقت اس کے نزدیک کوئی چیز نہیں ہے•کامیابی محنتی کے لیے ہے، سست کے لیے نہیں•یہ مالدار لڑکا ہے، اور وہ فقیر لڑکا ہے۔

جوابات:–اَلْوَلَدُ الْمُجْتَهِدُ مَحْبُوْبٌ•اَلْوَلَدُ الْكَسْلَانُ مَذْمُوْمٌ • اَلْفَوْزُ لِلْوَلَدِ الْمُجْتَهِدِ•اَلْوَلَدُ الْمُجْتَهِدُ مَسْرُوْرٌ•اَلْوَلَدُ الْكَسْلَانُ مَحْزُوْنٌ • اَلْوَلَدُ الْمُجْتَهِدُ غَنِيٌّ• اَلْوَلَدُ الْكَسْلَانُ فَقِيْرٌ•اَلرَّسُوْلُ الْعَرَبِيُّ مُحَمَّدٌ ﷺ• هُوَ كِتَابُ اللهِ•

ترجمہ کرو:– هٰذَا مَاءٌ• هٰذَا مَاءٌ بَارِدٌ•أَنَا وَلَدٌ• أَنَا وَلَدٌ مُسْلِمٌ• ذٰلِكَ رَجُلٌ• ذٰلِكَ رَجُلٌ غَنِيٌّ•ذٰلِكَ رَجُلٌ مَحْزُوْنٌ•هٰذَا رَجُلٌ مُجْتَهِدٌ• اَلرَّجُلُ الْمُجْتَهِدُ لَيْسَ بِمَذْمُوْمٍ• اَلْوَلَدُ الْكَسْلَانُ لَيْسَ بِمَحْبُوْبٍ•اَلتَّعْلِيْمُ الْإِسْلَامِيُّ مُفِيْدٌ جِدًّا• مُحَمَّدٌ ﷺ رَسُوْلٌ عَرَبِيٌّ•اَلْإِسْلَامُ دِيْنٌ حَسَنٌ•اَللِّسَانُ الْعَرَبِيُّ لِكُلِّ مُسْلِمٍ ضَرُوْرِيٌّ جِدًّا•اَلْمَاءُ الطَّاهِرُ لَازِمٌ لِلْوُضُوْءِ•فِى الْوُضُوْءِ نَفَعٌ كَبِيْرٌ•

درس (۲۲)

هٰذَا دُكَّانُ الْفَاكِهَانِيِّ. فِيْهِ كُلُّ قِسْمٍ مِنَ الْفَاكِهَةِ مَوْجُوْدٌ. فِيْهِ رُمَّانٌ وَعِنَبٌ وَ تُفَّاحٌ وَمَوْزٌ وَ تِيْنٌ وَ بُرْتُقَالٌ. اَلرُّمَّانُ مُفِيْدٌ جِدًّا فِي الصَّيْفِ. وَالْبُرْتُقَالُ اَيْضًا مُفِيْدٌ فِيْهِ. قِنْوُ الْمَوْزِ مُعَلَّقٌ. وَفِيْهِ مَوْزٌ اَصْفَرُ. وَفِي الدُّكَّانِ مَوْزٌ اَحْمَرُ اَيْضًا. اَلْمَوْزُ الْاَصْفَرُ رَخِيْصٌ. وَالْمَوْزُ الْاَحْمَرُ ثَمِيْنٌ. ذٰلِكَ الدُّكَّانُ مَشْهُوْرٌ فِي الْبَلَدِ. وَهُوَ لِرَجُلٍ. اِسْمُهٗ مَجِيْدٌ وَهُوَ جَالِسٌ.

ترجمہ:– یہ میوہ والے کی دکان ہے•اس میں ہر قسم کا میوہ موجود ہے•اس میں انار، انگور، سیب، کیلا، انجیر اور سنترہ ہے•انار گرمی میں بہت مفید ہے، اور سنترہ بھی اس میں مفید ہے•کیلے کی پھنی لٹکی ہوئی ہے•اور اس میں پیلا کیلا ہے، اور دکان میں سرخ کیلا بھی ہے•پیلا کیلا سستا ہے، اور سرخ کیلا قیمتی ہے•وہ دکان شہر میں مشہور ہے•اور وہ ایک آدمی کی ہے•اس کا نام مجید ہے اور وہ بیٹھا ہے•۔

جوابات:– ذٰلِكَ دُكَّانُ الْفَاكِهَةِ•هُوَ لِرَجُلٍ•هُوَ فِي الدُّكَّانِ•نَعَمْ: فِيْهِ تُفَّاحٌ •نَعَمْ: فِيْهِ بُرْتَقَالٌ•نَعَمْ: فِيْهِ تِيْنٌ•نَعَمْ: اَلرُّمَانُ بَارِدٌ•اَلْمَوْزُ الْأَصْفَرُ رَخِيْصٌ •اَلْمَوْزُ الْأَحْمَرُ ثَمِيْنٌ•اِسْمُ الْفَاكِهَانِيِّ مَجِيْدٌ•نَعَمْ : هُوَ رَجُلٌ مُسْلِمٌ•.

ترجمہ کرو:– هُنَاكَ دُكَّانُ الْفَاكِهَانِيِّ•ذٰلِكَ رَجُلٌ مُجْتَهِدٌ، لَا كَسْلَانُ •عِنْدَهٗ مَوْزٌ أَصْفَرُ، وَ مَوْزٌ أَحْمَرُ أَيْضًا•ذٰلِكَ الْقِنْوُ كَبِيْرٌ•فِيْهِ مَوْزٌ كَثِيْرٌ•هٰذَا رُمَّانٌ حُلْوٌ • اَلْأَعْنَابُ الصَّغِيْرَةُ رَخِيْصَةٌ وَحُلْوَةٌ•فِي حَدِيْقَتِهٖ بُرْتَقَالٌ•فِيْ ذٰلِكَ الْأَصِيْصِ غَرْسٌ جَمِيْلٌ•اَلْإِسْلَامُ دِيْنٌ مَعْرُوْفٌ•فِيْ تَعْلِيْمِهٖ فَوْزٌ كَبِيْرٌ • فِي الْقُرْآنِ الْمَجِيْدِ تَعْلِيْمُ الْإِسْلَامِ•هُوَ فِيْ لِسَانٍ عَرَبِيٍّ•.

درس (۲۳)

اَلْوَلَدُ الْمُؤَدَّبُ

اَلْاَدَبُ شَیْءٌ عَظِیْمٌ. هٰذَا وَلَدٌ مُؤَدَّبٌ. خُلُقُهٗ طَیِّبٌ. هُوَ اَوَّلُ فِی السَّلَامِ عَلٰی كُلِّ كَبِیْرٍ، اَلْأُسْتَاذُ عِنْدَهٗ مِثْلُ الْوَالِدِ. لِكُلِّ شُغْلٍ عِنْدَهٗ وَقْتٌ مَعْلُوْمٌ، لَهٗ جِدٌّ فِی كُلِّ شَیْءٍ، فَهُوَ وَلَدٌ مُجْتَهِدٌ، لَا كَسْلَانُ. فَمَا لِلْكَسْلَانِ مِنْ خَیْرٍ. لِذٰلِكَ لَهٗ فَوْزٌ عَظِیْمٌ. وَهُوَ خَیْرُ مِثَالٍ لِغَیْرِهٖ. وَهٰذَا مِنْ فَضْلِ اللهِ عَلَیْهِ. اَلْجِدُّ شَیْءٌ عَظِیْمٌ، بِهٖ عِزَّةٌ وَبِغَیْرِهٖ ذِلَّةٌ.

باادب لڑکا

ترجمہ:- ادب بڑی چیز ہے• یہ باادب لڑکا ہے• اس کے اخلاق اچھے ہیں• وہ ہر بڑے پر سلام میں پہل کرتا ہے• استاد اس کے نزدیک باپ کی طرح ہے• ہر کام کے لیے اس کے پاس ایک متعیّن وقت ہے• ہر چیز میں اس کی کوشش ہے• تو وہ محنتی لڑکا ہے، سست نہیں• سست کے لیے کوئی بھلائی نہیں ہے• اسی وجہ سے اس کے لیے بڑی کامیابی ہے• اور وہ دوسروں کے لیے بہترین مثال (نمونہ عمل) ہے• یہ اس پر اللہ کی مہربانی سے ہے• کوشش بڑی چیز ہے، اسی سے عزت ہے اور اس کے علاوہ سے ذلت ہے۔

جوابات:- اَلْأَدَبُ شَیْءٌ عَظِیْمٌ •اَلْوَلَدُ الْمُؤَدَّبُ مَحْبُوْبٌ •اَلْوَلَدُ الْمُجْتَهِدُ خَیْرُ مِثَالٍ• خُلُقُهٗ طَیِّبٌ• لَا مَا لِلْكَسْلَانِ مِنْ خَیْرٍ•اَلْفَوْزُ لِلْمُجْتَهِدِ • نَعَمْ: ، ذٰلِكَ الْمُؤَدَّبُ مُسْلِمٌ•نَعَمْ، لَهٗ خُلُقٌ طَیِّبٌ•.

ترجمہ کرو: -هٰهُنَا وَلَدٌ•هُوَ وَلَدٌ مُؤَدَّبٌ•اَلْوَلَدُ الْمُؤَدَّبُ مَحْبُوْبٌ، لَا مَذْمُوْمٌ • اَلْعِلْمُ نِعْمَةٌ لِكُلِّ شَخْصٍ•اَللَّعِبُ فِیْ كُلِّ وَقْتٍ لَیْسَ بِجَیِّدٍ•اَلْجِدُّ شَیْءٌ عَظِیمٌ •فِیْهِ فَوْزٌ كَبِیْرٌ•اَلْخُلُقُ الطَّیِّبُ سَبَبُ الْمَحَبَّةِ• اَلْقِرَاءَةُ خَیْرُ شُغْلٍ •

اَلْإِسْلَامُ خَيْرُ دِيْنٍ• مُحَمَّدٌ خَيْرُ رَسُوْلٍ • اَلتَّعْلِيْمُ الْإِسْلَامِيُّ خَيرُ التَّعْلِيْمِ •اَلْقُرْآنُ كِتَابُ اللهِ•.

درس (۲۴)

يَااَللّٰهُ

أَنَا عَبْدُكَ ،وَأَنْتَ رَبِّي وَرَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ،أَنْتَ خَالِقِيْ وَخَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ .أَنَا عَبْدٌ صَغِيْرٌ وَأَنْتَ رَبٌّ كَبِيْرٌ .لِلّٰهِ الْحَمْدُ ،وَلَهُ الْمُلْكُ،لَيْسَ لَهُ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ،وَلَهُ الْقُوَّةُ وَلَهُ الْعِزَّةُ وَهُوَ اللهُ فِي الأَرْضِ وَفِي السَّمَاءِ ،فَضْلُهُ كَبِيْرٌ،كُلُّ شَيْءٍمِنْ عِنْدِهٖ ،فَهُوَ خَالِقٌ وَرَازِقٌ وَهُوَ رَحِيْمٌ ،لَا ظَالِمٌ ،عِنْدَهٗ خَيْرٌ كَثِيْرٌ وَثَوَابٌ عَظِيْمٌ .فَشُكْرُهٗ وَاجِبٌ عَلَى الإِنْسَانِ .

یااللہ

ترجمہ: میں تیرہ بندہ ہوں،اور تو میرا رب ہے اور ہر چیز کا رب ہے،تو میرا پیدا کرنے والا ہے اور ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے،میں چھوٹا بندہ ہوں اور تو بڑا رب ہے،اللہ ہی کے لیے تعریف ہے،اور اسی کے لیے بادشاہت ہے،بادشاہت میں اس کا کوئی شریک نہیں ہے،اسی کے لیے طاقت وقوت اور اسی کے لیے عزت ہے،اور وہ اللہ زمین وآسمان میں ہے،اس کا فضل بڑا ہے،ہر چیز اس کے پاس سے ہے،وہی پیدا کرنے والا رزق دینے والا اور وہ مہربان ہے،ظالم نہیں ،اس کے پاس بہت بھلائی اور بڑا ثواب ہے،تو اس کا شکر انسان پر ضروری ہے۔

جوابات:- اَللهُ خَالِقٌ•اَللهُ رَازِقٌ•اَللهُ رَحِيْمٌ•اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ•اَلْعِزَّةُ لِلّٰهِ• اَلْمُلْكُ لِلّٰهِ• اَلْأَرْضُ لِلّٰهِ•اَلسَّمَاءُ لِلّٰهِ•لَا، لَيْسَ لَهُ شَرِيْكٌ•لَا، هُوَ لَيْسَ بِظَالِمٍ• نَعَمْ، أَنَا عَبْدُاللهِ•رَبِّيَ اللهُ•خَيْرُ رَسُوْلٍ مُحَمَّدٌ ﷺ•اَللِّسَانُ الْعَرَبِيُّ ضَرُوْرِيٌّ

لِلْمُسْلِمِ•.

ترجمہ کرو:- اَللّٰہُ خَالِقُ الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ•أَنَا عَبْدُ اللّٰہِ•رَبِّی لَیْسَ بِظَالِمٍ•فِی الدِّیْنِ خَیْرٌ کَثِیْرٌ•عِنْدَ اللّٰہِ ثَوَابٌ عَظِیْمٌ•رَسُوْلِی خَیْرُ إِنْسَانٍ•یَا اَللّٰہُ! حَمْدُکَ وَاجِبٌ عَلیٰ کُلِّ عَبْدٍ•کُلُّ شَیْءٍ مِنْ فَضْلِکَ•اَللِّسَانُ الْعَرَبِیُّ لَیْسَ بِصَعْبٍ•بَلْ مِنْھَاجُ التَّعْلِیْمِ صَعْبٌ•اَلْعَرَبِیُّ لَازِمٌ لِکُلِّ مُسْلِمٍ•فِیْہِ قُرْآنٌ•فِیْہِ حَدِیْثٌ•

درس (۲۵)

اَلْقُرْآنُ الْمَجِیْدُ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ،لِلّٰہِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ،وَھُوَ عَلیٰ کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ،وَھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ،ھٰذَا رَبِّی،نَصْرٌ مِنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ،ذٰلِکَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰہِ ،کُلٌّ مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ.

اَلْحَقُّ مِنْ رَبِّکَ،اَلَیْسَ الصُّبْحُ بِقَرِیْبٍ؟اَلَیْسَ ھٰذَا بِالْحَقِّ ؟ ذٰلِکَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ .ھٰذَا شَیْءٌ عَجِیْبٌ .ھٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ .

قرآن مجید

ترجمہ: - تمام تعریف اللہ کے لیے ہے•اللہ ہی کے لیے مشرق و مغرب ہے•اور وہ ہر ممکن چیز پر قادر ہے•اور وہ بخشنے والا مہربان ہے•اور وہ سننے جاننے والا ہے•اور وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے•یہ میرا رب ہے•اللہ کی طرف سے مدد اور فتح قریب ہے•وہ فضل و مہربانی اللہ کی طرف سے ہے•ہر چیز اللہ کے پاس سے ہے•حق تیرے رب کی طرف سے ہے•کیا صبح قریب نہیں ہے؟کیا یہ حق سے نہیں ہے؟وہ بڑی کامیابی ہے•یہ عجیب چیز ہے•یہ میرے رب کے فضل

سے ہے۔

جوابات:–اَلْمَشْرِقُ لِلّٰہِ•اَلْمَغْرِبُ لِلّٰہِ•اَلنَّصْرُ مِنَ اللّٰہِ•نَعَمْ، هٰذَا مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ• اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ•نَعَمْ، اَلْإِسْلَامُ حَقٌّ•نَعَمْ، اَلْقُرْآنُ كِتَابُ اللّٰہِ•دِيْنِيَ الْإِسْلَامُ•نَبِيُّنَا مُحَمَّدٌ ﷺ•.

ترجمہ کرو:– اَللّٰهُ رَبِّي• وَ هُوَ رَحِيْمٌ•لَهُ كُلُّ شَيْءٍ•يَا رَبِّي! أَنْتَ عَلِيْمٌ •أَنْتَ سَمِيْعٌ•كُلُّ شَيْءٍ مِنْ عِنْدِكَ•أَنْتَ رَبِّي•أَنَا ظَالِمٌ•أَنْتَ رَحِيْمٌ•أَنْتَ غَفُوْرٌ•لَكَ الْحَمْدُ•أَلْإِسْلَامُ خَيْرُ مَذْهَبٍ•فِيْهِ نَجَاةُ الْإِنْسَانِ•هٰذَا الدِّيْنُ الطَبْعِي سَبَبُ الْفَوْزِ•تَعْلِيْمُهُ فِي الْقُرْآنِ الْمَجِيْدِ•اَلْقُرْآنُ الْمَجِيْدُ لِلْعَمَلِ•لَا لِلْبَرْكَةِ فَقَطْ•نَصْرُ اللّٰهِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ•هُوَ فَوْزٌ كَبِيْرٌ•أَلَيْسَ الْفَتْحُ بِقَرِيْبٍ؟ اَلْفَوْزُ الْكَبِيْرُ مِنَ الْجِدِّ الْكَبِيْرِ•اَلْإِخْلَاصُ لَهُ ضَرُوْرِيٌّ جِدًّا أَيْضًا•.

تمرین (۱)

اَلْقُرآنُ كِتَابٌ مُبَارَكٌ وَهُوَ كَلَامُ اللّٰهِ لَيْسَ فِيْهِ شَكٌّ لِلْمُسْلِمِ،وَالْكَافِرُ لَهُ شَكٌّ وَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ ،وَهُوَ فِي لِسَانٍ عَرَبِيٍّ .وَالْعَرَبِيُّ حُصُوْلُهُ سَهْلٌ لَا صَعْبٌ ،بَلْ مِنْهَاجُ تَعْلِيْمِهِ صَعْبٌ ،وَغَفْلَةُ الْمُسْلِمِ مِنْهُ خَطَاءٌ كَبِيْرٌ وَظُلْمٌ عَظِيْمٌ .

اَلْقُرْآنُ الْمَجِيْدُ هِدَايَةٌ لِلْكُلِّ وَفِيْهِ بَيَانُ الْإِسْلَامِ،وَالإِسْلَامُ خَيْرُ دِيْنٍ ،وَصَاحِبُهُ مُحَمَّدٌ عَرَبِيٌّ وَهُوَ رَحْمَةٌ لِلْإِنْسَانِ ،وَالإِنْسَانُ مِنْ آدَمَ ،لَا مِنَ الْقِرْدِ ،وِمِنَ الإِنْسَانِ أَبْيَضُ وَأَسْوَدُ وَأَحْمَرُ وَأَصْفَرُ،وَمِنْهُ طَوِيْلٌ وَقَصِيْرٌ وَهَزِيْلٌ وَسَمِيْنٌ وَمُسْلِمٌ وَكَافِرٌ .لِلْمُسْلِمِ عِزَّةٌ وَلِلْكَافِرِ ذِلَّةٌ .مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ ،وَهُوَ رَحِيْمٌ بِخَلْقِ اللّٰهِ ،خُلْقُهُ عَظِيْمٌ ،فِيْ تَعْلِيْمِهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ ،وَمِنَ الْعَمَلِ بِهِ نَفْعٌ كَثِيْرٌ وَفَوْزٌ كَبِيْرٌ،فَهُوَ خَيْرُ عَبْدٍ وَخَيْرُ رَسُوْلٍ ،لَيْسَ لَهُ مِثْلٌ فِيْ خَلْقِ اللّٰهِ .هٰذَا

تَمْرِ یْنٌ مُفِیْدٌ ،وَھٰذَاالتَّمْرِ یْنُ سَھْلٌ مِنَ الأَوَّلِ إلیَ الآخِرِ .

تمرین:(۱)

ترجمہ:– قرآن مبارک کتاب ہے اور وہ اللہ کا کلام ہے اس میں مسلم کے لیے کوئی شک نہیں ہے •اور کافر کے لیے شک ہے اور اس کا بدلہ جہنم ہے •اور وہ عربی زبان میں ہے •اور عربی کا حاصل کرنا آسان ہے مشکل نہیں •بلکہ اس کی تعلیم کا طریقہ مشکل ہے •اور اس سے مسلمان کی غفلت بڑی خطا اور بڑا ظلم ہے •۔

قرآن مجید ہر شخص کے لیے ہدایت ہے اور اس میں اسلام کا بیان ہے • اور اسلام بہترین دین ہے • اور اس کے مرکز (والی) محمد عربی ﷺ ہیں • اور وہ انسان کے لیے رحمت ہیں • اور انسان آدم علیہ السلام سے ہے • نہ کہ بندر سے • اور انسان میں سے گورے، کالے، سرخ اور پیلے ہیں • اور اسی میں سے لمبے، پست قد، دبلے، موٹے مسلمان اور کافر ہیں • مسلمان کے لیے عزت اور کافر کے لیے ذلت ہے • محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں • اور وہ اللہ کی مخلوق پر مہربان ہیں • ان کے اخلاق بلند ہیں • ان کی تعلیم میں دنیا اور آخرت کا ثواب ہے • اور اس پر عمل کرنے میں بڑا نفع اور بڑی کامیابی ہے • وہ بہترین بندے اور بہترین رسول ہیں • اللہ کی مخلوق میں ان کی کوئی نظیر نہیں ہے • یہ مفید مشق ہے • اور یہ مشق شروع سے آخر تک بہت آسان ہے۔

تمرین(۲)

مَنْ أَنْتَ؟ أَنَا مُسْلِمٌ.هَلْ أَنْتَ طَيِّبٌ؟ نَعَمْ،أَنَا طَيِّبٌ .اَیُّ شُغْلٍ خَيْرٌ عِنْدَكَ ؟ عِنْدِي ذِكْرُ اللهِ خَيْرٌ .اَیُّ شُغْلٍ بَعْدَهٗ خَيْرٌ؟ بَعْدَهٗ الْقِرَاءَةُ وَالْكِتَابَةُ خَيْرٌ ،اَیُّ شَیْءٍ ضَرُوْرِيٌّ لِلْكِتَابَةِ ؟قَلَمُ الرَّصَاصِ ضَرُوْرِيٌّ لِلْكِتَابَةِ وقَلَمُ الْحِبْرِ أَيْضًا.

أَلَكَ حَدِيْقَةٌ؟ نَعَمْ،لِيْ حَدِيْقَةٌ .مَا فِي الْحَدِيْقَةِ ؟فِي الْحَدِيْقَةِ كَثِيْرٌ مِنَ الشَّجَرِ وَالزَّهْرِ وَالْفَاكِهَةِ .وَمِنَ الْفَاكِهَةِ رُمَّانٌ وَتِيْنٌ وَعِنَبٌ وَتُفَّاحٌ وَ بُرْتَقَالٌ وَمَوْزٌ .

فِيْ فَصْلِ الصَّيْفِ اَلرُّمَّانُ وَالْبُرْتَقَالُ وَالتُّفَّاحُ مُفِيْدٌ ،وَفِيْ فَصْلِ الشِّتَاءِ اَلتِّيْنُ وَالْعِنَبُ مُفِيْدٌ .

وَهٰذَا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ ،وَفَضْلُ اللّٰهِ عَظِيْمٌ .

أَفِيْ كُلِّ شَيْءٍ قُدْرَةُ اللّٰهِ؟ نَعَمْ،فِيْ كُلِّ شَيْءٍ قُدْرَتُهٗ.

تمرین(۲)

ترجمہ: توکون ہے؟میں مسلمان ہوں• کیا تواچھا ہے؟ہاں: میں اچھا ہوں• کونسا کام تیرے نزدیک بہتر ہے؟اللہ کا ذکر میرے نزدیک بہتر چیز ہے• اس کے بعد کونسا کام بہتر ہے؟اس کے بعد پڑھنا اور لکھنا بہتر ہے• لکھنے کے لیے کونسی چیز ضروری ہے؟لکھنے کے لیے پنسل ضروری ہے اور فونٹن پن بھی•

کیا تیرا باغ ہے؟ہاں: میرا باغ ہے• باغ میں کیا ہے؟باغ میں بہت سے درخت، پھول اور میوہ ہیں• اور میوہ میں سے انار، انجیر، انگور، سیب، سنترہ اور کیلا ہے•

گرمی کے موسم میں انار، سنترہ اور سیب مفید ہے• اور جاڑے کے موسم میں انجیر، انگور مفید ہے• اور یہ اللہ کے فضل اور اس کی قدرت سے ہے• اللہ کا فضل بڑا ہے•

کیا ہر چیز میں اللہ کی قدرت ہے؟ہاں: ہر چیز میں اللہ کی قدرت ہے۔

نام کتاب: مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ دوم
شارح: محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف
تقریظ: حضرت مولانا ناظم علی مصباحی، استاذ جامعہ اشرفیہ
نظر ثانی: مولانا ذیشان مصباحی امروہہ، مولانا امام الدین مصباحی گریڈی
رابطہ نمبر: 09837366593 – 8057889427
کمپوزنگ: محمد گل ریز رضا مصباحی

----(ملنے کے پتے)----

- قادری کتاب گھر، بریلی شریف
- المجمع الاسلامی، مبارک پور، اعظم گڑھ
- مکتبہ حافظ ملت، مبارک پور اعظم گڑھ
- قادری بک ڈپو بریلی شریف یوپی
- مکتبۃ المصطفی بریلی شریف یوپی
- مکتبہ رحمانیہ درگاہ اعلی حضرت بریلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مصباح العربیۃ

شرح

منہاج العربیۃ

دوم

شارح

محمد گل ریز رضا مصباحی
مدناپوری، بریلی شریف

ناشر

مصباحی لائبریری، مدناپور، بہیڑی، بریلی شریف

تقریظ جلیل

حضرت علامہ مولانا **محمد ناظم علی** مصباحی، استاذ جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دین اسلام کا اہم ماخذ قرآن کریم اور حدیث پاک ہے، قرآن کریم کی تفسیر اور اس سے ماخوذو مستنبط عقائد و احکام احادیث کریمہ کی شرحیں وغیرہ عربی زبان میں ہیں اور عربی زبان سے ناواقف لوگ اس اہم ماخذ سے اخذ و استفادہ کیسے کریں یہ ایک اہم مسئلہ تھا اس دشواری کو زائل کرنے اور اس اہم ماخذ سے اخذو استفادہ کو آسان کرنے کے لیے گوناگوں کوششیں عمل میں آئیں، اسی سلسلۃ الذہب کی ایک اہم کڑی علم صرف و نحو کی تدوین اور انشا پردازی کی تسہیل وغیرہ ہیں۔

اسلامی مدارس میں علم صرف و نحو اور انشا پردازی کا داخل نصاب ہونا اسی تسہیل کے پیش نظر ہے، بحمدہ تبارک وتعالی ارباب علم و دانش کی اس پیہم کوشش سے ایسے گراں قدر افراد پیدا ہوئے جنھیں عربی زبان و ادب میں حیرت انگیز مہارت حاصل ہوئی اور اخذو استفادہ کا حسین سلسلہ روز افزوں ترقی کرتا رہا اور ان شاء اللہ الرحمٰن ترقی کرتا رہے گا عربی زبان و ادب کی گراں قدر خدمت دینے والوں کا ایک عظیم کارواں ہے جو روز و شب اس خدمت کی انجام دہی میں مسلسل مصروف عمل ہے جنھیں ارباب علم و دانش اور اصحاب فکر و نظر اچھی طرح جانتے ہیں۔

عربی زبان و ادب کو فروغ دینے اور اس کی تحصیل کو آسان تر کرنے کے لیے جو کتابیں معرض وجود میں آئیں ان میں سے ایک "منهاج العربية" ہے جس کے پانچ حصے ہیں ملک کے مختلف مدارس میں یہ کتاب داخل نصاب اور داخل درس ہے دیگر کتابوں کی طرح اس کتاب سے بھی عربی زبان و ادب سے واقفیت میں کافی مدد ملتی ہے جس کا بخوبی اندازہ ان طالبان علومِ نبویہ کو ہے جنھوں نے اس کتاب سے حظِّ وافر حاصل کیا ہے یہ کتاب اگرچہ ابتدائی درجات میں داخل درس ہے مگر عربی زبان و ادب کی دشواریاں زائل کرنے میں اس کا اہم کردار ہے اس کتاب کی تدریس کا جو طریقہ معروف و معتاد ہے اس سے طلبہ و اساتذہ بخوبی آگاہ ہیں، اذہان چونکہ مختلف

ہیں خاص کر انشا پردازی میں طلبہ کو جو دقتیں پیش آتی ہیں وہ اساتذہ طلبہ سب پر عیاں ہیں۔

اس صعوبت کو زائل کرنے کے لیے جامعہ اشرفیہ کے شعبہ تخصص فی الادب کے ایک لائق و فائق فاضل جناب مولانا گل ریز رضا مصباحی بریلی نے اس کتاب "منہاج العربیہ دوم" کے عربی جملوں کو اردو اور اردو جملوں کو عربی میں منتقل کیا ہے تاکہ اخذ و استفادہ آسان ہو ،طلبہ کو عربی و اردو انشا پردازی میں از خود کوشش کرنی چاہیے کہ عربی کا اردو میں ترجمہ کریں اور اردو کو عربی میں منتقل کریں اور جہاں دشواری در پیش ہو اس کی طرف مراجعت کریں اور دیکھیں کہ ہماری کوشش کہاں تک کامیاب ہے خود کوشش نہ کرنا اور کسی کتاب یا کاپی سے نقل کر دینے سے کبھی بھی انشا پردازی پر قدرت حاصل نہیں ہو سکتی اور نہ ہی اس سے خود اعتمادی حاصل ہو سکتی ہے۔

مولانا موصوف کی یہ کوشش گراں قدر اور اخذ و تحصیل کی راہ میں ایک اضافہ ہے جس سے نہ صرف طلبہ بلکہ اساتذہ کو بھی مدد ملے گی اور بہت سی لغزشوں سے نجات حاصل ہو گی اللہ عزوجل اپنے پیارے حبیب پاک ﷺ کے صدقے میں اس کتاب کے نفع کو عام و تام فرمائے اور اس کتاب سے اخذ و استفادہ کا صحیح طریقہ القا فرمائے اور مولانا موصوف کے علم و فضل میں ترقی عطا فرمائے اور مزید قلمی خدمت کی توفیق رفیق بخشے اور جامعہ اشرفیہ کا نام روشن کرنے اور اس کی خدمات کو مزید عام کرنے کی توفیق رفیق بخشے اور دارین کی سعادتوں سے مالامال فرمائے! اٰمین بجاہ النبی الامین الکریم علیہ و علی آلہ و صحبہ افضل الصلاۃ و التسلیم.

محمد ناظم علی رضوی مصباحی
خادم جامعہ اشرفیہ
مبارک پور اعظم گڑھ یوپی
۲۳/اپریل ۲۰۱۴ بروز چہار شنبہ

درس (۱)

مؤنث اسماے اشارہ

هٰذِهٖ .تِلْكَ .هٰذِهٖ بِنْتٌ .تِلْكَ طَاوِلَةٌ .هٰذِهٖ مِبْرَاةٌ .تِلْكَ مَحَّايَةٌ .هٰذِهٖ كُرَّاسَةٌ .اَلْبِنْتُ جَالِسَةٌ .اَلطَّاوِلَةُ صَغِيْرَةٌ .اَلْمِبْرَاةُ جَدِيْدَةٌ .اَلْمَحَّايَةُ مُفِيْدَةٌ .اَلْكُرَّاسَةُ ضَرُوْرِيَّةٌ .هٰذِهِ الْبِنْتُ جَمِيْلَةٌ .لَا قَبِيْحَةٌ .تِلْكَ الطَّاوِلَةُ صَغِيْرَةٌ لَا كَبِيْرَةٌ .تِلْكَ الْمِبْرَاةُ جَدِيْدَةٌ ،لَا قَدِيْمَةٌ .كُلُّ شَيْءٍ فِي هٰذَا الرَّسْمِ لِلْبِنْتِ .اَلْبِنْتُ مَشْغُوْلَةٌ بِالْقِرَاءَةِ .اَلْقِرَاءَةُ لَازِمَةٌ لِكُلِّ بِنْتٍ.

ترجمہ:- یہ •وہ• یہ لڑکی ہے•وہ میز ہے• یہ قلم تراش ہے•وہ ربر ہے• یہ کاپی ہے •لڑکی بیٹھی ہے• میز چھوٹی ہے• قلم تراش نیا ہے• ربر مفید ہے• کاپی ضروری ہے• یہ لڑکی خوب صورت ہے، بد صورت نہیں •وہ میز چھوٹی ہے، بڑی نہیں •وہ قلم تراش نیا ہے، پرانا نہیں •اس تصویر کی ہر چیز لڑکی کے لیے ہے• لڑکی پڑھنے میں مشغول ہے• پڑھنا ہر لڑکی کے لیے ضروری ہے۔

جوابات:- تِلْكَ الْبِنْتُ فِي الْغُرْفَةِ• اَلْمِبْرَاةُ لِلْبِنْتِ• اَلْكُرَّاسَةُ لِلْبِنْتِ• تِلْكَ الْمِبْرَاةُ جَدِيْدَةٌ• اَلطَّاوِلَةُ أَمَامَ الْبِنْتِ• اَلْبِنْتُ مَشْغُوْلَةٌ بِالْقِرَاءَةِ•

ترجمہ کرو:- هٰذِهٖ كُرَّاسَةٌ• تِلْكَ مَحَّايَةٌ• هٰذِهٖ مِبْرَاةٌ• تِلْكَ حَدِيْقَةٌ• هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ• هٰذِهٖ طَاوِلَةٌ• ذٰلِكَ كُرْسِيٌّ• هٰذِهٖ دَوَاةٌ• ذٰلِكَ قَلَمٌ• هٰذَا وَلَدٌ •تِلْكَ بِنْتٌ• اَلْحَدِيْقَةُ جَمِيْلَةٌ• اَلْمَدْرَسَةُ كَبِيْرَةٌ• اَلْمُحَادَثَةُ مُفِيْدَةٌ• اَلْعُطْلَةُ قَرِيْبَةٌ •تِلْكَ الْحَدِيْقَةُ مَعْرُوْفَةٌ• اَلْفَاكِهَةُ لَذِيْذَةٌ• لِمَنْ هٰذِهِ الْكُرَّاسَةُ؟ •هٰذِهِ الْكُرَّاسَةُ لِتِلْكَ الْبِنْتِ• هٰذِهِ الْقَاعِدَةُ سَهْلَةٌ• اَلدَّعْوَةُ سُنَّةٌ• هٰذِهِ السُّنَّةُ حُلْوَةٌ•

مناسب کلمہ لگا کر جملہ پورا کرو

اَلْحَدِيْقَةُ كَبِيْرَةٌ	اَلْمِبْرَاةُ جَدِيْدَةٌ	تِلْكَ الطَّاوِلَةُ صَغِيْرَةٌ
اَلْبِنْتُ جَالِسَةٌ	تِلْكَ مَحَّايَةٌ	اَلْكُرَّاسَةُ لِلْكِتَابَةِ
اَلْبَبْغَاءُ جَمِيْلٌ	اَلْحِبْرُ أَسْوَدُ	هٰذَا وَقْتُ الْمُحَادَثَةِ
اَلْبُرْتُقَالُ حَامِضٌ	اَلتُّفَّاحُ حُلْوٌ	قِنْوُ الْمَوْزِ مُعَلَّقٌ
هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ	ذٰلِكَ فَاكِهَانِيٌّ	اَلْفَاكِهَةُ لَذِيْذَةٌ
تَعْلِيْمُ الْقُرْآنِ مُفِيْدٌ	اَلْإِسْلَامُ حَقٌّ	رَسُوْلُ الْإِسْلَامِ مُحَمَّدٌ

درس (۲) جمع مکسر

اَلزَّهْرُ جَمِيْلٌ .هٰذِهِ الْاَزْهَارُ جَمِيْلَةٌ .اَلْعِنَبُ حُلْوٌ .هٰذِهِ الْاَعْنَابُ حُلْوَةٌ .اَلثَّمَرُ طَيِّبٌ .هٰذِهِ الْاَثْمَارُ طَيِّبَةٌ .اَللَّعِبُ مُفِيْدٌ .تِلْكَ الْاَلْعَابُ مُفِيْدَةٌ .اَلشَّيْءُ جَدِيْدٌ . تِلْكَ الْاَشْيَاءُ جَدِيْدَةٌ .اَلْوَلَدُ صَغِيْرٌ . هٰؤُلَآءِ الأَوْلَادُ صِغَارٌ .اَلرَّجُلُ كَبِيْرٌ .أُولٰئِكَ الرِّجَالُ كِبَارٌ. اَلْبَيْتُ جَمِيْلٌ .تِلْكَ الْبُيُوْتُ جَمِيْلَةٌ .اَلْكِتَابُ جَدِيْدٌ .هٰذِهِ الْكُتُبُ جَدِيْدَةٌ .اَلدَّرْسُ مُفِيْدٌ .هٰذِهِ الدُّرُوْسُ مُفِيْدَةٌ .اَلْحَدِيْقَةُ كَبِيرَةٌ .تِلْكَ الْحَدَائِقُ كَبِيرَةٌ .اَلصَّدِيْقُ صَغِيرٌ . هٰؤُلَآءِ الْاَصْدِقَاءُ صِغَارٌ.

ترجمہ:- پھول خوب صورت ہے• (یہ) پھول خوب صورت ہیں•انگور میٹھا ہے • (یہ) انگور میٹھے ہیں•پھل اچھا ہے•(یہ) پھل اچھے ہیں•کھیل مفید ہے•(وہ)کھیل مفید ہیں•چیز نئی ہے•(وہ)چیزیں نئی ہیں•لڑکا چھوٹا ہے•(یہ) لڑکے چھوٹے ہیں•مرد بڑا ہے•(وہ)مرد بڑے ہیں•گھر خوب صورت ہے•(وہ) گھر خوب صورت ہیں•کتاب نئی ہے•(یہ) کتابیں نئی ہیں •سبق مفید ہے•(یہ) اسباق مفید ہیں•باغ بڑا ہے•(وہ) باغ بڑے ہیں•دوست چھوٹا ہے•(یہ) دوست چھوٹے ہیں۔

مناسب اسمائے اشارہ لگاؤ

هٰذِهِ الْمُحَادَثَةُ مُفِيْدَةٌ	هٰذَا التَّمْرِ يْنُ سَهْلٌ
تِلْكَ الْعُطْلَةُ طَوِ يْلَةٌ	أُوْلٰئِكَ الرِّجَالُ كِبَارٌ
تِلْكَ الصُّوْرَةُ جَمِيْلَةٌ	تِلْكَ الْمَدْرَسَهُ كَبِيْرَةٌ
هٰذَا قِنْوُ الْمَوْزِ	تِلْكَ الْمِبْرَاةُ جَدِيْدَةٌ
هٰذِهِ الْأَيَّامُ طَيِّبَةٌ	هٰؤُلَاءِ الْأَصْدِقَاءُ صِغَارٌ
هٰذِهِ الدُّرُوْسُ مُفِيْدَةٌ	تِلْكَ الْأَشْغَالُ صَعْبَةٌ
هٰؤُلَاءِ الْأَوْلَادُ كِبَارٌ	هٰذِهِ الْكُرَّاسَةُ جَدِيْدَةٌ
تِلْكَ التَّرْجَمَةُ سَهْلَةٌ	هٰذِهِ الْكُتُبُ مُفِيْدَةٌ
هٰذَاالرُّمَّانُ حُلْوٌ	ذٰلِكَ الْبُرْتُقَالُ حَامِضٌ

ترجمہ کرو:- اَلْأَشْجَارُ مُرْتَفِعَةٌ (طَوِ يْلَةٌ) •اَلْأَثْمَارُ كَثِيْرَةٌ•اَلْأَزْهَارُ قَلِيْلَةٌ •اَلْكُتُبُ مُفِيْدَةٌ•تِلْكَ الْكُتُبُ جَدِيْدَةٌ•اَلْأَلْفَاظُ سَهْلَةٌ،لَا صَعْبَةٌ•هٰذِهِ الْأَشْيَاءُ جَمِيْلَةٌ،لَا قَبِيْحَةٌ•تِلْكَ الْأَلْعَابُ جَدِيْدَةٌ•هٰؤُلَاءِ الْأَوْلَادُ صِغَارٌ • أُوْلٰئِكَ الْأَوْلَادُ كِبَارٌ•هٰذَاالشُّغْلُ سَهْلٌ•ذٰلِكَ الشُّغْلُ لَيْسَ بِصَعْبٍ •هٰذِهِ الْبِنْتُ جَمِيْلَةٌ•تِلْكَ الطَّاوِلَةُ ثَمِيْنَةٌ جِدًّا•هٰذِهِ الْكُتُبُ رَخِيْصَةٌ •اَلْحَدِيْقَةُ كَبِيْرَةٌ، لَا صَغِيْرَةٌ•اَلْأَعْنَابُ حُلْوَةٌ،لَا حَامِضَةٌ•هٰذِهِ الْقَاعِدَةُ سَهْلَةٌ،لَا صَعْبَةٌ•

درس(۳)

مضاف میں تانیث

عُطْلَةُ الصَّيْفِ طَوِ يْلَةٌ .عُطْلَةُالشِّتَاءِ قَصِيْرَةٌ .قِرَاءَةُالتِّلْمِيْذِجَيِّدَةٌ . كِتَابَةُ التِّلْمِيْذِ رَدِيْئَةٌ .دُرُوْسُ الْكِتَابِ مُفِيْدَةٌ .رُسُوْمُ الْكِتَابِ جَمِيْلَةٌ . اَثْمَارُ الْحَدِيْقَةِ كَثِيْرَةٌ .اَزْهَارُ الْحَدِيْقَةِ قَلِيْلَةٌ . حَدِيْقَةُ الـمَدِيْنَةِ جَمِيْلَةٌ .نُزْهَةُ الصَّبَاحِ

مُفِیْدَةٌ . مَدِیْنَةُ لَنْدَنَ کَبِیْرَةٌ .مَدِیْنَةُ حَیْدَرْ آبَادَصَغِیْرَةٌ .اَ کُلُّ بِنْتٍ تِلْمِیْذَةٌ ؟ لَا ، کُلُّ بِنْتٍ لَیْسَتْ بِتِلْمِیْذَةٍ .أَ هٰذِهِ الدُّرُوْسُ مُفِیْدَةٌ ؟نَعَمْ ، هٰذِهِ الدُّرُوسُ مُفیْدَةٌ .أَتِلْكَ الدُّرُوْسُ صَعْبَةٌ ؟لَا ، تِلْكَ الدُّرُوْسُ لَیْسَتْ بِصَعْبَةٍ.

ترجمہ:- *گرمی کی چھٹی لمبی ہے•جاڑے کی چھٹی چھوٹی ہے•طالب علم کی پڑھائی اچھی ہے•طالب علم کی لکھائی خراب ہے•کتاب کے اسباق مفید ہیں•کتاب کی تصویریں خوبصورت ہیں• باغ کے پھل زیادہ ہیں•باغ کے پھول کم ہیں•شہر کا باغ خوبصورت ہے•صبح کی تفریح مفید ہے•لندن شہر بڑا ہے•حیدر آباد شہر چھوٹا ہے•کیا ہر لڑکی متعلمہ ہے؟نہیں،ہر لڑکی متعلمہ نہیں ہے•کیا یہ اسباق مفید ہیں؟ ہاں: یہ اسباق مفید ہیں•کیا وہ اسباق مشکل ہیں؟ نہیں،وہ اسباق مشکل نہیں ہیں۔*

جوابات:- لَا ،مَدِیْنَةُ لَنْدَن کَبِیْرَةٌ•لَا ، مَدِیْنَةُ حَیْدَرْ آبَاد صَغِیْرَةٌ•لَا ، عُطْلَةُ الشِّتَاءِ قَصِیْرَةٌ•لَا ،عُطْلَهُ الصَّیْفِ طَوِیْلَةٌ•نَعَمْ: نُزْهَةُ الصَّبَاح مُفِیْدَةٌ •لَا ، کُلُّ بِنْتٍ لَیْسَتْ بِصَغِیْرَةٍ•لَا ، کُلُّ تِلْمِیْذٍ لَیْسَ بِمُجْتَهِدٍ•لَا ،تِلْكَ الدُّرُوْسُ لَیْسَتْ بِصَعْبَةٍ•رُسُوْمُ الْکِتَابِ جَمِیْلَةٌ•لَا ، مَکَّةُ لَیْسَتْ بِقَرِیْبَةٍ•

ترجمہ کرو:- دُرُوْسُ الْقُرْآنِ مُفِیْدَةٌ•جُمَلُ التَّمْرِیْنِ سَهْلَةٌ•طَاوِلَةُ الْبِنْتِ جَدِیْدَةٌ• ثَمَنُ الْمَحَّایَةِ قَلِیْلَةٌ•هٰذِهِ الْمِبْرَاةُ لِهٰذَاالْوَلَدِ•أَشْجَارُ الْحَدِیْقَةِ کَبِیْرَةٌ•أَشْجَارُ التُّفَّاحِ لَیْسَتْ بِکَثِیْرَةٍ•قِنْوُ الْمَوْزِ أَحْمَرُ•أَشْجَارُ الْبُرْتَقَالِ کَثِیْرَةٌ فِیْ نَاغْفُوْر•کُلُّ بِنْتٍ لَیْسَتْ بِمُؤَدَّبَةٍ•کُلُّ فَاکِهَةٍ لَیْسَتْ بِرَخِیْصَةٍ•کُلُّ مِبْرَاةٍ لَیْسَتْ بِثَمِیْنَةٍ•کُلُّ تِجَارَةٍ لَیْسَتْ بِمُفِیْدَةٍ•کُلُّ تَرْجَمَةٍ لَیْسَتْ بِسَهْلَةٍ•أَیُّ حَدِیْقَةٍ لَیْسَتْ بِکَبِیْرَةٍ؟ أَلِلْمُسْلِمِ الْعَرَبِیِّ فَضِیْلَةٌ عَلَی الْمُسْلِمِ الْعَجَمِیِّ ؟

درس (۴)

ضمائر واحد

هُوَ تِلْمِيْذٌ .هِيَ تِلْمِيْذَةٌ .هُوَ مُسْلِمٌ .هِيَ مُسْلِمَةٌ . اِسْمُهُ حَمِيْدٌ .اِسْمُهَا رَشِيْدَةٌ .خُلُقُهُ طَيِّبٌ .خُلُقُهَاايْضًا طَيِّبٌ .فِي يَدِهٖ مِحْفَظَةُالْكُتُبِ .فِيْهَا كُتُبُهٗ فِي يَدِهَا مِحْفظَةٌ .فِيْهَا كُتُبُهَا وَ كُرَّاسَاتُهَا وَاَقْلَامُهَا وَ مِبْرَاتُهَا وَمَحَّايَتُهَا. أَ هِيَ مُسْلِمَةٌ ؟ نَعَمْ هِيَ مُسْلِمَةٌ .أَهِيَ ذَا هِبَةٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ ؟ نَعَمْ هِيَ ذَا هِبَةٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ.أَهِيَ ذَاهِبَةٌ بِغَيْرِ عَرَبَةٍ؟لَا ،هِيَ ذَاهِبَةٌ فِي الْعَرَبَةِ.عَرَبَةُالْمَدْرَسَةِ وَا قِفَةٌ اَمَا مَهَا .وَ مَعَهَا اِمْرَاةٌ .

ترجمہ:۔ وہ طالب علم ہے• یہ طالبہ ہے• وہ مسلم ہے• یہ مسلمہ ہے• اُس کا نام حمید ہے• اِس کا نام رشیدہ ہے• اُس کے اخلاق اچھے ہیں• اِس کے اخلاق بھی اچھے ہیں• اس کے ہاتھ میں کتابوں کا بستہ ہے• جس میں اس کی کتابیں ہیں• اس کے ہاتھ میں بھی کتابوں کا بستہ ہے• جس میں اس کی کتابیں، کاپیاں، قلم، قلم تراش اور ربر ہیں• کیا وہ مسلمہ ہے؟ ہاں: وہ مسلمہ ہے• کیا وہ مدرسہ جا رہی ہے؟ ہاں: وہ مدرسہ جا رہی ہے• کیا وہ بغیر گاڑی کے جا رہی ہے؟ نہیں، وہ گاڑی میں جا رہی ہے• مدرسہ کی گاڑی اس کے سامنے کھڑی ہے• اور اس کے ساتھ ایک عورت ہے•۔

جوابات:۔ اِسْمُ الْبِنْتِ رَشِيْدَةُ•نَعَمْ: هِيَ مُسْلِمَةٌ•لَا،هِيَ لَيْسَتْ بِقَبِيْحةٍ •هِيَ ذَاهِبَةٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ•خُلُقُهَا طَيِّبٌ•مِحْفَظَتُهَا فِيْ يَدِهَا•اَلْمَرْأَةُ مَعَ الْعَرَبَةِ •نَعَمْ: هِيَ صَغِيْرَةٌ•نَعَمْ: هِيَ جَمِيْلَةٌ•عَرَبَةُ الْمَدْرَسَةِ وَاقِفَةٌ أَمَامَهَا•

ترجمہ کرو:۔ هِيَ اِمْرَأَةٌ•خُلُقُهَا طَيِّبٌ•هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ•اِسْمُهَا مَعْرُوْفَةٌ• لِمَنْ هٰذِهِ الْمِحْفَظَةُ ؟مَافِيْهَا؟هٰذِهٖ عَرَبَةٌ•ثَمَنُهَا قَلِيْلَةٌ جِدًّا•تِلْكَ الْبِنْتُ ذَاهِبَةٌ إِلَى الْبَيْتِ•هٰذَا مُتَعَلِّمٌ مُسْلِمٌ •اِسْمُهٗ أَحْمَدُ•هٰذِهِ الْمَحَّايَةُ رَدِيْئَةٌ•ثَمَنُهَا قَلِيْلَةٌ •هٰذِهٖ حَدِيْقَةٌ•فِيْهَا اَثْمَارٌ وَ اَزْهَارٌ•نُزْهَةُ الصَّبَاحِ مُفِيْدَةٌ جِدًّا•هٰذِهٖ كُتُبٌ، فِيْهَا رُسُوْمٌ•هٰذِهٖ اَشْجَارٌ•هِيَ مُرْتَفِعَةٌ طَوِيْلَةٌ جِدًّا•تِلْكَ مَكَّةُ، فِيْهَا بَيْتُ

اللہِ•هٰذِہٖ مَدِیْنَۃٌ، فِیْهَا قَبْرُ الرَّسُوْلِ ﷺ.

درس (۵)

ضمائر کی جمع

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَصْدِقَائِیْ!

وَعَلَیْكَ السَّلَامُ وَ رَحْمَۃُ اللہِ یَا مَجِیْدُ . کَیْفَ اَنْتُمْ ؟نَحْنُ بِالْخَیْرِ .مِنْ اَیْنَ اَنْتُمْ ؟ نَحْنُ مِنْ مَّدْرَسَتِنَا.اَهٰذِہٖ مَدْرَسَتُکُمْ ؟نَعَمْ : هٰذِہٖ مَدْرَسَتُنَا .هَلْ هِیَ قَرِیْبَۃٌ؟ نَعَمْ: هِیَ قَرِیْبَۃٌ.أَفِیْهَاالْیَوْمَ لَعِبٌ ؟ لَا: مَا فِیْهَا لَعِبٌ .هَلْ تَعْلِیْمُهَا جَیِّدٌ ؟ نَعَمْ: تَعْلِیْمُهَا جَیِّدٌ .مَا شُغْلُکُمْ الْاٰنَ؟ اَلْاٰنَ شُغْلُنَا لَعِبٌ . هَلْ اِمْتِحَانُکُمْ قَرِیْبٌ ؟ نَعَمْ :اِمْتِحَانُنَا قَرِیْبٌ .اَیْنَ فَرِیْدٌ وَرَشِیْدٌ وَ سَعِیْدٌ ؟ هُمْ فِیْ بُوْمْبَائِیْ.کَیْفَ اُولٰٓئِكَ الْاَوْلَادُ ؟هُمْ بِالْخَیْرِ .مَتٰی اِیَابُهُمْ ؟اِیَابُهُمْ قَرِیْبٌ.

ترجمہ: – تم پر سلامتی ہو، اے میرے دوستو! •تم پر بھی سلامتی اور اللہ کی رحمت ہو، اے مجید! تم کیسے ہو؟ہم خیریت سے ہیں•تم کہاں سے (آرہے ہو)؟ ہم مدرسہ سے (آرہے ہیں) کیا یہ تمھارا مدرسہ ہے؟ ہاں: یہ ہمارا مدرسہ ہے •کیا یہ قریب ہے؟ ہاں یہ قریب ہے•کیا آج اس میں کھیل ہے؟ نہیں، اس میں کھیل نہیں ہے•کیا اس کی تعلیم اچھی ہے؟ ہاں اس کی تعلیم اچھی ہے•اب تمھارا کام کیا ہے؟ اب ہمارا کام کھیلنا ہے•کیا تمھارا امتحان قریب ہے؟ ہاں، ہمارا امتحان قریب ہے•فرید، رشید اور سعید کہاں ہیں؟ وہ ممبئی میں ہیں•وہ لڑکے کیسے ہیں؟ وہ خیریت سے ہیں•ان کی واپسی کب ہے؟ ان کی واپسی قریب ہے•۔

جوابات:- (ا) بَیْتُنَا فِیْ بَرَیْلِیْ•وَالِدُنَا بِالْخَیْرِ•نَعَمْ: نَحْنُ صِغَارٌ • أَصْدِقَاءُوْنَا فِیْ بُوْمبَائِیْ •هُمْ بِالْخَیْرِ•نُزْهَۃُ الصَّبَاحِ جَیِّدَۃٌ•نَعَمْ: هِیَ مُفِیْدَۃٌ •نَعَمْ: دِیْنُنَا حَقٌّ•نَعَمْ: رَسُوْلُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ.

(ب) لَا ،فِی اللهِ لَیْسَ بِشَكٍّ•لَا ،فِیْ جَیْبِنَا لَیْسَ بِفَاكِهَةٍ•لَا ،فِیْ بَیْتِی لَیْسَ بِحَدِیْقَةٍ•نَعَمْ: عِنْدِیْ عَرَبَةٌ•لَا ،عِنْدِیْ لَیْسَ بِكَلْبٍ•لَا ،فِی الْعُطْلَةِ لَیْسَ بِدَرْسٍ.

ترجمہ کرو:- **(ا)** رَبُّنَا•رَبُّكُمْ•رَبُّهُمْ•طَاوِلَتُكَ•عَرَبَتُكَ•بَیْتُكَ• حَدِیْقَتُهُمْ•بَلَدُهُمْ•نُزْهَتُهمْ•مَنْ هُمْ؟ هُمْ اَوْلَادٌ•خُلُقُهُمْ طَیِّبٌ•مِحْفَظَتُكَ جَدِیْدَةٌ•مِحْفَظَتُنَا قَدِیْمَةٌ•تِلْكَ اِمْرَأَةٌ•خُلُقُهَا طَیِّبٌ جِدًّا•هٰذِهِ الْكُتُبُ جَدِیْدَةٌ •رُسُوْمُهَا جَمِیْلَةٌ•اَلْیَوْمَ لَعِبُنَا•أَیُّ شُغْلٍ لَنَا طَیِّبٌ اَلْاٰنَ ؟ اَللهُ خَالِقُكَ وَ رَازِقُكَ•

(ب) لَا قَلَمَ الرَّصَاصِ فِی الْجَیْبِ•لَا أُسْتَاذَ فِی الْجَمَاعَةِ•لَا شَوْقَ فِی التِّلْمِیْذِ•لَا ثَمَرَ عَلَی الشَّجَرِ•لَا بَبْغَاءَ فِی الْقَفَصِ•لَا غَرْسَ فِی الْأَصِیْصِ•لَا وَرْدَ فِی الْأَصِیْصِ•لَا فَوْزَ لِلْكَسْلَانِ•لَا اَثَرَ فِی اللِّسَانِ•لَا خَیْرَ فِیْكَ•لَا شُغْلَ فِی الْبَیْتِ•لَا فَرَسَ فِی الْعَرَبَةِ•لَا شَیْئَ فِی الْجَیْبِ•لَا صَبْرَ فِی الْإِنْسَانِ•

(ج) لَا إِكْرَاهَ فِی دِیْنِنَا•لَا فَخْرَ فِیْ رَسُوْلِنَا•اَلْفَقْرُ فَخْرُهٗ•لَا خُلُوْصَ فِیْ شُیُوْخِنَا•اَلْعَمَلُ لِلْعِلْمِ ضَرُوْرِیٌّ جِدًّا•لَا عَمَلَ فِیْنَا•لَا یُمْكِنُ الْفَوْزُ بِغَیْرِ عَمَلٍ•أُصُوْلُ الْإِسْلَامِ لَیْسَتْ بِصَعْبَةٍ•

درس (٦)

صفت کے مختلف مرکب

بِنْتٌ طَیِّبَةٌ .اِمْرَأَةٌ مُسْلِمَةٌ.شَجَرَةٌ مُبَارَكَةٌ. كَلِمَةٌ طَیِّبَةٌ. اَزْهَارٌ جَمِیْلَةٌ .اَثْمَارٌ حُلْوَةٌ. اَیَّامٌ مُبَارَكَةٌ .دُرُوْسٌ جَدِیْدَةٌ. لَحْمٌ طَرِیٌّ.اَكْوَابٌ صَغِیْرَةٌ. طَعَامٌ بَارِدٌ. مَاءٌ حَارٌّ. قِطَّةٌ سَمِیْنَةٌ .مَدْرَسَةٌ كَبِیْرَةٌ.عُطْلَةٌ قَصِیْرَةٌ .لَبَنٌ خَالِصٌ.اِلٰهٌ وَاحِدٌ. رَجُلٌ مُسْلِمٌ. تِلْمِیْذٌ مُجْتَهِدٌ. اَقْلَامٌ جَدِیْدَةٌ. اَلْوَلَدُ الصَّغِیْرُ.اَلْبِنْتُ الْجَمِیْلَةُ .اَلتِّلْمِیْذَةُ الْمُجْتَهِدَةُ .اَلْأَكْوَابُ الصَّغِیْرَةُ .اَلطَّعَامُ الْبَارِدُ.اَلدُّرُوْسُ الْجَدِیْدَةُ

.اَلرَّجُلُ الْمُسْلِمُ. اَلْمَرْأَةُالْمُسْلِمَةُ .اَلْحَدِيْقَةُ الْكَبِيْرَةُ .فِي مَدْرَسَةٍ كَبِيْرَةٍ .لِتِلْمِيْذٍ مُجْتَهِدٍ .عَلٰى شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ .مِنَ الأَقْلَامِ الْجَدِيْدَةِ. فِي الأَكْوَابِ الصَّغِيْرَةِ .فِيْ مِحْفَظَةٍ جَدِيْدَةٍ .اِلٰى اَيَّامٍ كَثِيْرَةٍ .عَلَى الطَّاوِلَةِ الْكَبِيْرَةِ .

ترجمہ:– اچھی لڑکی•مسلمان عورت •مبارک درخت•پاکیزہ کلمہ• خوب صورت پھول •میٹھے پھل•بابرکت دن•نئے اسباق•تازہ گوشت•چھوٹے پیالے• ٹھنڈا کھانا•گرم پانی •موٹی بلّی•بڑا مدرسہ•تھوڑی چھٹی• خالص دودھ•ایک معبود•مسلمان مرد•محنتی طالب علم•نئے قلم •چھوٹا لڑکا•خوب صورت لڑکی•محنتی متعلمہ•چھوٹے پیالے•ٹھنڈا کھانا•نیے اسباق •مسلمان مرد• مسلمان عورت •بڑا باغ•بڑے مدرسہ میں•محنتی طالب علم کے لیے•مبارک درخت پر•نیے قلموں سے•چھوٹے پیالوں میں•نیے بستہ میں•زیادہ دنوں تک•بڑی میز پر•

ذیل کے مفروضہ اعراب والے اسماء کے ساتھ مناسب صفت لگاؤ

اِمْرَاَةٌ مُسْلِمَةٌ	شَجَرَةٌ مُبَارَكَةٌ	كَلِمَةٌ طَيِّبَةٌ	اَلْمَدْرَسَةُالْكَبِيْرَةُ
اَللَّبَنُ الْخَالِصُ	اَلْمَدِيْنَةُ الْحَسَنَةُ	أَيَّامٌ مُبَارَكَةٌ	اَلْأَزْهَارُ الْمُتَفَتِّحَةُ
اَلدُّرُوْسُ الْجَدِيْدَةُ	اَلْمِبْرَاةُ الْقَدِيْمَةُ	اَلْمَحَّايَةُ الْجَدِيْدَةُ	فِيْ مِحْفَظَةٍ رَدِيْئَةٍ
فِيْ عَرَبَةٍ جَدِيْدَةٍ	اَلطَّاوِلَةُ الْكَبِيْرَةُ	اَلْبِنْتُ الْجَمِيْلَةُ	لِتِلْمِيْذٍ مُجْتَهِدٍ

ترجمہ کرو:– لَعِبٌ جَدِيْدٌ•اَلْأَلْعَابُ الْجَدِيْدَةُ•اَلْأَعْنَابُ الْحُلْوَةُ • اَلْأَثْمَارُ الْحَامِضَةُ•تُفَّاحٌ لَذِيْذٌ•اَلْبُرْتُقَالُ الْحُلْوُ•شَيْءٌ عَجِيْبٌ•فِيْ بَيْتٍ صَغِيْرٍ •فِيْ دُرُوْسٍ جَدِيْدَةٍ •لِامْرَأَةٍ مُسْلِمَةٍ•فِيْ زَمَنٍ قَدِيْمٍ•لِبِنْتٍ مُسْلِمَةٍ•مَدِيْنَةٌ كَبِيْرَةٌ •عَمَلٌ مُفِيْدٌ•مِنْ رَسْمٍ جَمِيْلٍ•فِيْ بَلْدَةٍ مُبَارَكَةٍ•مِنْ مَحَّايَةٍ صَغِيْرَةٍ•فِيْ دُرُوْسٍ صَعْبَةٍ•لِأَثْمَارٍ حُلْوَةٍ•فِيْ مَاءٍ بَارِدٍ•فِيْ أَكْوَابٍ صَغِيْرَةٍ•فِيْ عُطْلَةٍ صَغِيْرَةٍ•مِنْ اِلٰهٍ وَاحِدٍ•

درس (۷)

هٰذَا رَجُلٌ فَرَنْجِيٌّ

هٰذَاالرَّجُلُ الْفَرَنْجِيُّ وَاقِفٌ وَمَعَهُ اِمْرَاةٌ فَرَنْجِيَّةٌ .فِي يَدِهَاوَرْدَةٌ جَمِيْلَةٌ هِيَ زَوْجَتُهُ . وَ مَعَهَا كَلْبٌ جَمِيْلٌ .هٰؤُلَاءِ اَوْلَادٌ صِغَارٌ .هُمْ فِيْ رِ يَاضَةٍ بَدَنِيَّةٍ وَالرِّ يَاضَةُ الْبَدَنِيَّةُ لَا زِمَةٌ لِكُلِّ تِلْمِيْذٍ.مُعَلِّمُ الرِّ يَاضَةِ وَاقِفٌ اَمَامَهُمْ .وَهُوَ مَشْغُوْلٌ بِتَمْرِ يْنِهِمْ .تِلْكَ الرِّ يَاضَةُ عَلٰى طَرِ يْقَةٍ جَدِيْدَةٍ .اَلطَّرِ يْقَةُ الْجَدِيْدَةُ مَحْبُوْبَةٌ.تِلْكَ الْمَرْأَةُ الْفَرَنْجِيَّةُ نَاظِرَةٌ اِلَيْهِمْ مَعَ زَوْجِهَا وَهِيَ مَسْرُوْرَةٌ .

ترجمہ:- *یہ ایک انگریز آدمی ہے• یہ انگریز آدمی کھڑا ہے اور اس کے ساتھ ایک انگریز عورت ہے• اس کے ہاتھ میں ایک خوبصورت گلاب ہے، وہ اس کی بیوی ہے• اور اس کے ساتھ ایک خوبصورت کتا ہے• یہ چھوٹے لڑکے ہیں• وہ جسمانی ورزش میں (مشغول) ہیں• جسمانی ورزش ہر طالب علم کے لیے ضروری ہے• ورزش سکھانے والا ان کے سامنے کھڑا ہے• اور وہ انھیں مشق کرانے میں مشغول ہے• وہ ورزش نئے طریقے پر ہے• نیا طریقہ پسندیدہ ہے• وہ انگریز عورت اپنے شوہر کے ساتھ ان کی طرف دیکھتی ہے• اور وہ خوش ہے•۔*

جوابات:- ذٰلِكَ الرَّجُلُ فَرَنْجِيٌّ•مَعَهُ اِمْرَاَةٌ•فِيْ يَدِ الْمَرْأَةِ وَرْدَةٌ جَمِيْلَةٌ • مَعَهَا كَلْبٌ جَمِيْلٌ•اَلرِّ يَاضَةُ الْبَدْنِيَّةُ لَازِمَةٌ لِكُلِّ تِلْمِيْذٍ•اَلْمُعَلِّمُ وَاقِفٌ اَمَامَهُمْ•اَلْمَرْأَةُ الْفَرَنْجِيَّةُ مَسْرُوْرَةٌ•اَلطَّرِ يْقَةُ الْجَدِيْدَةُ مَحْبُوْبَةٌ•اَلْمَرْأَةُ الْفَرَنْجِيَّةُ نَاظِرَةٌ إِلَى الْأَوْلَادِ•

ترجمہ کرو:- **(ا)** هٰذِهِ الطَّاوِلَةُ الثَّمِيْنَةُ•تِلْكَ الْمَحَّايَةُ الْجَدِيْدَةُ•هٰذِهِ الْمِحْفَظَةُ الْقَدِيْمَةُ•هٰذِهِ الْكُرَّاسَاتُ الْجَدِيْدَةُ•هٰذِهِ الْمِبْرَاةُ الرَخِيْصَةُ•فِيْ بَيْتٍ جَدِيْدٍ•مِنْ ثَمَرٍ حَامِضٍ•اَلْبُرْتَقَالُ الْحُلْوُ•بَلْدَةٌ كَبِيْرَةٌ•مِنْ نُزْهَةٍ مُفِيْدَةٍ•فِيْ حَدِيْقَةٍ جَمِيْلَةٍ•فِيْ أَكْوَابٍ صَغِيْرَةٍ•عَلٰى عَرَبَةٍ جَدِيْدَةٍ•زَوْجَةٌ حَسَنَةٌ•لَبَنٌ

طَرِیٌّ•

(ب) تِلْكَ بِنْتٌ•تِلْكَ بِنْتٌ مُسْلِمَةٌ•هٰذِهٖ اِمْرَأَةٌ مُسْلِمَةٌ•هٰذِهٖ حَدِيْقَةٌ•هٰذِهٖ حَدِيْقَةٌ كَبِيْرَةٌ•فِى الْبَيْتِ رُسُوْمٌ•فِىْ الْبَيْتِ رُسُوْمٌ جَمِيْلَةٌ•أَنَا فِىْ شُغْلٍ•أَنَا فِىْ شُغْلٍ ضَرُوْرِيٍّ•فِى الْحَدِيْقَةِ أَزْهَارٌ•فِىْ هٰذِهِ الْحَدِيْقَةِ أَزْهَارٌ كَثِيْرَةٌ•اَلْأَوْلَادُ فِى الْبَلْدَةِ•أُوْلٰئِكَ الْأَوْلَادُ فِى الْمَدِيْنَةِ•أَنَا فِى الرِّيَاضَةِ •أَنَا فِى الرِّيَاضَةِ الْبَدَنِيَّةِ•اَلْكُتُبُ عَلَى الطَّاوِلَةِ•تِلْكَ الْكُتُبُ عَلَى الطَّاوِلَةِ الْكَبِيْرَةِ • أَنْتَ مَشْغُوْلٌ بِالْمُحَادَثَةِ•أَنْتَ مَشْغُوْلٌ بِالْمُحَادَثَةِ الْجَيِّدَةِ•نَحْنُ فِىْ بَلْدَةٍ•نَحْنُ فِىْ بَلْدَةٍ كَبِيْرَةٍ•اَلْبِنْتُ جَالِسَةٌ عَلَى الْكُرْسِيِّ •اَلْبِنْتُ جَالِسَةٌ عَلٰى كُرْسِيٍّ جَمِيْلٍ•نُزْهَةُ الصَّبَاحِ شَيْءٌ حَسَنٌ•تِلْكَ الْمَرْأَةُ مَسْرُوْرَةٌ•تِلْكَ الْمَرْأَةُ الْأَوْرَبِيَّةُ مَسْرُوْرَةٌ جِدًّا•هٰذِهٖ جُمَلٌ•هٰذِهِ الْجُمَلُ لَيْسَتْ بِصَعْبَةٍ.

تمرین (الف)

اَلْوَلَدُ ذَاهِبٌ اِلَى الْمَدْرَسَةِ وَهِىَ فِى مَدِيْنَةِ حيدراٰباد. هِىَ لَيْسَتْ بِبَعِيْدَةٍ. اَلْعَرَبَةُ لَا زِمَةٌ لِلْبِنْتِ. لَا لِلْوَلَدِ. فِى يَدِهٖ مِحْفَظَةٌ. فِيْهَا كُتُبٌ وَ كُرَّاسَاتٌ وَمِبْرَاةٌ وَقَلَمُ الرَّصَاص. هُوَ جَيِّدٌ فِى الرِّيَاضَةِالْبَدَنِيَّةِ. وَهِىَ مُفِيْدَةٌ لِكُلِّ تِلْمِيْذٍ وَ تِلْمِيْذَةٍ وَ مُعَلِّمُهَا رَجُلٌ فَرَنْجِيٌّ وَهُوَ جَيِّدٌ فِيْهَا. ذٰلِكَ الْوَلَدُ جَيِّدٌ فِى الْقِرَاءَةِ اَيْضًا. لَا رَدِیٌّ. هُوَ مَحْبُوْبٌ فِى الْبَيْتِ وَفِى الْمَدْرَسَةِ. فَهُوَ خَيْرُ مِثَالٍ لِغَيْرِهٖ.

تمرین (ا)

ترجمہ:- (ا) لڑکا مدرسہ جارہا ہے•اور وہ (مدرسہ) حیدر آباد شہر میں ہے•وہ دور نہیں ہے•گاڑی لڑکی کے لیے ضروری ہے لڑکے کے لیے نہیں•اس کے ہاتھ میں بستہ ہے•اس میں کتابیں، کاپیاں، قلم تراش اور پنسل ہیں•وہ جسمانی ورزش میں اچھا ہے•اور وہ ہر متعلم اور متعلمہ کے لیے مفید ہے•اور اس (جسمانی ورزش) کا استاد ایک انگریز آدمی ہے•اور وہ اس

(ورزش) میں اچھا ہے• وہ لڑکا پڑھنے میں بھی اچھا ہے، بیکار نہیں• وہ گھر میں اور مدرسہ میں پسندیدہ ہے• وہ اپنے علاوہ کے لیے بہترین مثال ہے•

(ب)

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَصْدِقَائِيْ. وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا سَعِيْدُ.

كَيْفَ حَالُكُمْ ؟نَحْنُ بِالْخَيْرِ. مِنْ اَيْنَ اَنْتُمْ ؟ نَحْنُ مِنَ الْحَدِيْقَةِ.كَيْفَ هِيَ ؟هِيَ جَمِيْلَةٌ .أَفِيْهَا اَثْمَارٌ ؟ نَعَمْ .فِيْهَا اَثْمَارٌ وَ اَزْهَارٌ اَيْضًا.أَفِيْهَا تُفَّاحٌ ؟ لَا مَا فِيْهَا تُفَّاحٌ . أَفِيْهَا بُرْتُقَالٌ ؟ نَعَمْ فِيْهَا بُرْتُقَالٌ .اَعِنْدَكُمْ ثَمَرَةٌ ؟ لَا مَا عِنْدَنَا شَيْءٌ .اِلٰى اَيْنَ اَلْاٰنَ ؟ اَلْاٰنَ اِلٰى بُيُوْتِنَا. مَن رَّبُّكُمْ ؟ رَبُّنَااللهُ. مَا دِيْنُكُمْ ؟دِيْنُنَا الإِسْلَامُ .مَنْ رَسُوْلُكُمْ؟ رَسُوْلُنَا مُحَمَّدٌ . اَ دِيْنُكُمْ خَيْرُ دِيْنٍ ؟ نَعَمْ هُوَ عِنْدَ نَا خَيْرُدِيْنٍ .اَيْنَ قَبْرُالرَّسُوْلِ ؟ قَبْرُهٗ فِي المَدِيْنَةِالْمُنَوَّرَةِ .كَيْفَ هَوَاءُالْمَدِيْنَةِوَ مَا ءُهَا ؟هَوَاءُ هَا طَيِّبٌ وَمَاءُهَا عَذْبٌ .

(ب) تم پر سلامتی ہوا ے میرے دوستو!• اور تم پر بھی سلامتی ہوا ے سعید! •تم کیسے ہو؟ہم خیریت سے ہیں •تم کہاں سے (آرہے ہو)؟ہم باغ سے (آرہے ہیں)•وہ (باغ) کیسا ہے ؟وہ خوبصورت ہے •کیا اس میں پھل ہیں ؟ ہاں: اس میں پھل اور پھول بھی ہیں •کیا اس میں سیب ہیں ؟ ہاں: اس میں سیب ہیں •کیا اس میں سنترے ہیں ؟ ہاں: اس میں سنترے ہیں •کیا تمھارے پاس پھل ہے ؟ نہیں، ہمارے پاس کوئی چیز نہیں ہے •اب کہاں (جاؤ گے)؟ اب اپنے گھروں کو (جائیں گے)• تمھارا رب کون ہے؟ ہمارا رب اللہ ہے •تمھارا دین کیا ہے؟ ہمارا دین اسلام ہے •تمھارے رسول کون ہیں؟ ہمارے رسول محمد ﷺ ہیں •کیا تمھارا دین بہتر دین ہے ؟ ہاں: ہمارا دین بہتر دین ہے •رسول اللہ ﷺ کی قبر انور کہاں ہے ؟ان کی قبر انور مدینہ منورہ میں ہے •شہر کی ہوا اور اس کا پانی کیسا ہے (شہر کی آب و ہوا کیسی ہے)؟اس کی ہوا اچھی اور اس کا پانی میٹھا ہے (اس کی آب و ہوا اچھی ہے)۔

درس (۸)

اَلْوَلَدُ .خَرَجَ .اَلْوَلَدُخَرَجَ .اَلْوَلَدُ خَرَجَ مِنَ الْبَيْتِ . وَ ذَهَبَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ .وَ جَلَسَ فِى الصَّفِّ وَقَرَاَ وَكَتَبَ .ثُمَّ رَجَعَ اِلَى الْبَيْتِ .

ترجمہ:– لڑکا نکلا• لڑکا گھر سے نکلا• اور مدرسہ گیا• اور درجہ میں بیٹھا، پڑھا اور لکھا• پھر گھر واپس ہوا۔

جوابات: –خَرَجَ الْوَلَدُ•خَرَجَ مِنَ الْبَيْتِ•ذَهَبَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ•جَلَسَ فِى الصَّفِّ•نَعَمْ: قَرَأَ هُنَاكَ•نَعَمْ: كَتَبَ أَيْضًا•رَجَعَ الْوَلَدُ إِلَى الْبَيْتِ•

ترجمہ کرو:–كَتَبَ الْأُسْتَاذُ•قَرَأَ الْوَلَدُ•أَقَرَأَ كُلُّ وَلَدٍ؟ نَعَمْ: قَرَأَ كُلُّ وَلَدٍ وَ كَتَبَ•أَىُّ وَلَدٍ خَرَجَ مِنَ الصَّفِّ؟ مَاجِدٌ خَرَجَ مِنَ الصَّفِّ•مَنْ جَلَسَ هٰهُنَا؟ وَ مَنْ ذَهَبَ هُنَاكَ ؟مَنْ كَتَبَ ؟ وَمَنْ قَرَأَ ؟ مَتىٰ ذَهَبَ الْأُسْتَاذُ مِنْ هٰهُنَا؟كَتَبَ الْأُسْتَاذُ بِقَلَمِ الْحِبْرِ•كَتَبَ ذٰلِكَ الْوَلَدُ بِقَلَمِ الرَّصَاصِ•أَيْنَ ذَهَبَ فِىْ عُطْلَةِ الصَّيْفِ؟خَرَجَ صَدِيْقِى لِنُزْهَةِ الصَّبَاحِ•مَنْ كَتَبَ فِىْ هٰذِهِ الْكُرَّاسَةِ الْجَدِيْدَةِ؟ مَتىٰ رَجَعَ الْوَلَدُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ؟ لِمَنْ هٰذِهِ الْعَرَبَةُ؟ مَنْ جَلَسَ فِيْهَا؟

درس (۹)

ماضی واحد حاضر و متکلّم

اَكَلَ. شَرِبَ .اَكَلْتَ. اَكَلْتُ. شَرِبْتَ. شَرِبْتُ .مَا ذَا اَكَلْتَ ؟اَكَلْتُ الطَّعَامَ. مَاذَا شَرِبْتَ ؟ شَرِبْتُ اللَّبَنَ .مَاذَا قَرَأْتَ ؟ قَرَأْتُ الدَّرْسَ .مَنْ قَرَأَ مَعَكَ ؟قَرَأَ مَعِىْ صَدِيْقِى. أَفَهِمْتَ الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ؟نَعَمْ فَهِمْتُ. أَحَفِظْتَ دَرْسَ الْاَمْسِ ؟ نَعَمْ حَفِظْتُ .مَاذَا فَعَلْتَ بَعْدَهٗ؟ ذَهَبْتُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ. أَفَرِحَ الْأُسْتَاذُ بِكَ ؟ نَعَمْ فَرِحَ بِى.

ترجمہ:- اس نے کھایا• اس نے پیا• تونے کھایا• میں نے کھایا• تونے پیا• میں نے پیا• تونے کیا کھایا؟ میں نے کھانا کھایا• تونے کیا پیا؟• میں نے دودھ پیا• تونے کیا پڑھا؟• میں نے سبق پڑھا• تیرے ساتھ کس نے پڑھا؟• میرے ساتھ میرے دوست نے پڑھا• کیا تونے نئے سبق کو سمجھا؟• ہاں: میں نے سمجھا• کیا تونے گزشتہ سبق کو یاد کیا؟• ہاں: میں نے یاد کیا• تونے اس کے بعد کیا کیا؟• میں مدرسہ گیا• کیا استاد تجھ سے خوش ہوئے؟• ہاں: وہ مجھ سے خوش ہوئے•

جوابات:- نَعَمْ: أَكَلْتُ التُّفَّاحَ•نَعَمْ: أَكَلْتُ الْبُرْتَقَالَ•لَا، مَاأَكَلْتُ التِّيْنَ•نَعَمْ: شَرِبْتُ اللَّبَنَ•نَعَمْ: فَهِمْتُ الدَّرْسَ•نَعَمْ: ذَهَبْتُ إِلَى الْحَدِيْقَةِ •نَعَمْ: جَلَسْتُ فِي الْعَرَبَةِ•قَرَأْتُ الدَّرْسَ•نَعَمْ: حَفِظْتُ•كَتَبْتُ وَ قَرَأْتُ•

ترجمہ کرو: ۔جَلَسَ •أَكَلَ •شَرِبَ •فَرِحَ •خَرَجْتَ •ذَهَبْتَ •رَجَعْتَ •فَعَلْتُ•أَكَلْتُ•شَرِبْتُ•قَرَأْتُ•قَرَأْتُ الدَّرْسَ شَرِبْتُ•شَرِبْتُ الْمَاءَ • أَكَلْتَ •أَكَلْتَ الْبُرْتَقَالَ•حَفِظْتَ•أَحَفِظْتَ الْقُرْآنَ؟شَرِبْتُ اللَّبَنَ •شَرِبْتَ الشَّايَ • خَرَجْتُ بَعْدَه•هُوَ خَرَجَ وَرَائِي•مَنْ ذَهَبَ فِي الْعَرَبَةِ؟ أَأَكَلْتَ لَحْمًا طَرِيًّا؟ خَرَجْتُ الْيَوْمَ لِنُزْهَةِ الصَّبَاحِ•أَيْنَ ذَهَبْتَ فِيْ عُطْلَةِ الصَّيْفِ؟ مَا فَعَلْتَ الْآنَ؟ قَرَأْتُ دَرْسَ الْأَمْسِ وَحَفِظْتُ•فَرِحَ الْأُسْتَاذُ بِيْ جِدًّا •أَفَهِمْتَ الدِّيْنَ؟ مَا فَهِمْتُ الدِّيْنَ جَيِّدًا•قَرَأْتُ تَارِيْخَ الْإِسْلَامِ•مَا قَرَأْتَ الْحَدِيْثَ•

درس(۱۰)

ماضی جمع

نَهَضَ .اَخَذَ .سَأَلَ .سَمِعَ .بَدَأَ .نَهَضُوا .اَخَذُوا .سَأَلُوْا .سَمِعُوْا .بَدَءُوْا .نَهَضتُمْ .اَخَذْتُمْ .سَأَلْتُمْ .سَمِعْتُمْ .بَدَأْتُمْ .نَهَضْنَا .اَخَذْنَا .سَأَلْنَا .سَمِعْنَا .بَدَأْنَا.

.بَدَأَ .خَتَمْتَ .سَمِعُوا .حَفِظْنَا .فَهِمْتُمْ . رَجَعْتُمْ .دَخَلْتُ .سَأَلْنَا . أَخَذَ. أَكَلُوْا.

اَلْأُسْتَاذُ دَخَلَ الصَّفَّ.فَالتَّلَامِيْذُ سَكَتُوْا.اَلْعَرِيْفُ بَدَأَ الدَّرْسَ وَالتَّلَامِيْذُ سَمِعُوْهُ.ثُمَّ خَتَمَ الْعَرِيْفُ الدَّرْسَ وَالْأُسْتَاذُ سَأَلَهُ.أَفَهِمْتَ الدَّرْسَ يَا عَرِيْفُ؟نَعَمْ فَهِمْتُ يَا سَيِّدِى .ثُمَّ سَأَلَ الْأُسْتَاذُ التَّلَامِيْذَ . اَلْأُسْتَاذُ : أَسَمِعْتُمُ الدَّرْسَ الْجَدِيْدَوَفَهِمْتُمْ ؟ اَلتَّلَامِيْذُ : نَعَمْ سَمِعْنَا وَفَهِمْنَا جَيِّدًا فَبَعْدَ قَلِيْلٍ نَهَضَ الْأُسْتَاذُ وَخَرَجَ مِنَ الصَّفِّ وَالتَّلَامِيْذُ ذَهَبُوْا اِلَى الْبَيْتِ.

ترجمہ:- وہ اٹھا• اس نے لیا• اس نے پوچھا• اس نے سنا• اس نے شروع کیا• وہ اٹھے• انھوں نے لیا• انھوں نے پوچھا• انھوں نے سنا• انھوں نے شروع کیا• تم اٹھے• تم نے پکڑا• تم نے پوچھا• تم نے سنا• تم نے شروع کیا• ہم اٹھے• ہم نے پکڑا• ہم نے پوچھا• ہم نے سنا• ہم نے شروع کیا• اس نے شروع کیا• تو نے ختم کیا• انھوں نے سنا• ہم نے یاد کیا• تم نے سمجھا• تم واپس ہوئے• میں داخل ہوا• ہم نے پوچھا• اس نے پکڑا• انھوں نے کھایا•

استاذ کلاس میں داخل ہوئے تو طلبہ خاموش ہو گئے • مانیٹر نے سبق شروع کیا اور طلبہ نے اسے سنا • پھر مانیٹر نے سبق ختم کیا اور استاذ نے پوچھا • کیا تو نے سبق سمجھ لیا اے مانیٹر! • ہاں: میں نے سمجھ لیا اے میرے آقا! • پھر استاذ نے طلبہ سے پوچھا: کیا تم نے نیا سبق سنا اور سمجھ لیا؟ • طلبہ (نے جواب دیا) ہاں: ہم نے سنا اور ہم نے اچھی طرح سے سمجھ لیا • تھوڑی دیر بعد استاذ اٹھے

اور کلاس سے نکل گیے اور طلبہ گھر چلے گئے•

جوابات:– قَرَأتُ الدَّرْسَ•نَعَمْ: بَدَأنَا الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ•نَعَمْ : سَمِعَ التَّلَامِيْذُ الدَّرْسَ•نَعَمْ: فَهِمُوْهُ وَ حَفِظُوْه •نَعَمْ: بَدَأتُ الْكِتَابَ الْعَرَبِيَّ •نَعَمْ: فَهِمْنَا دَرْسَ الْأَمْسِ•عَرِ يْفِى خَالِدٌ وَهُوَ طَيِّبٌ•نَعَمْ: سَمِعْنَا الْقُرْآنَ • نَعَمْ: حَفِظْنَا دَرْسَنَا وَ فَهِمْنَا•نَعَمْ: اَلتَّلَامِيْذُ فَرِحُوْا بِالْأُسْتَاذِ•نَعَمْ: اَلْقُرْآنُ كِتَابُ اللهِ•

مناسب فعل لکھو

أَنَا سَمِعْتُ	نَحْنُ حَفِظْنَا	أَنْتُمْ أَخَذْتُمْ	أَنْتَ أَكَلْتَ
هُمْ شَرِبُوْا	أَنَا فَعَلْتُ	نَحْنُ قَرَأنَا	أَنْتُمْ رَجَعْتُمْ
أَنْتَ خَرَجْتَ	أَنَا بَدَأتُ	أَنْتَ خَتَمْتَ	نَحْنُ سَأَلْنَا

ترجمہ کرو:–نَهَضَ •ذَهَبَ •سَمِعَ •سَأَلَ •خَرَجُوْا •جَلَسُوْا •قَرَأَ• كَتَبَ •فَعَلْتَ •فَهِمْتَ •حَفِظْتَ •أَكَلْتُ •شَرِبْتُ •رَجَعْتُ • أَخَذْتُمْ • بَدَأْتُمْ•خَتَمْتُمْ•سَمِعْنَا•سَأَلْنَا•أَخَذَ الْأُسْتَاذُ الْكِتَابَ•قَرَأَتِ الْبِنْتُ الدَّرْسَ• فَهِمَ الْوَلَدُ الدَّرْسَ•نَهَضَ الْأَوْلَادُ لِلْأُسْتَاذِ•بَدَءُوا الدَّرْسَ وَ فَهِمُوْا جَيِّدًا•فَرِحْتُ مِنْ هٰذَ االشُّغْلِ•فَرِحْتَ أَيْضًا•بَدَأتُ الرِّ يَاضَةَ الْبَدَنِيَّةَ • أَيْنَ ذَهَبْتَ مَعَ الْعَرِ يْفِ؟ أَكَلْتُ الْأَعْنَابَ الْحُلْوَةَ•أَخَذْتَ التِّيْنَ الْكَثِيْرَةَ • خَتَمَ الْأَوْلَادُ الْمُحَادَثَةَ•رَجَعُوْا إِلَى الْبَيْتِ•مَافَعَلْتُمْ فِىْ عُطْلَةِ الشِّتَاءِ؟بَدَأنَا الْعَرَبِيَّةَ فِىْ عُطْلَةِ الصَّيْفِ•اَلْعَرَبِىُّ لِسَانُ الْقُرْآنِ•مِنْ أَيِّ وَلَدٍ أَخَذْتَ الْمِحَّايَةَ؟أَخَذْتُ الْمِحَّايَةَ بِذٰلِكَ الْوَلَدِ•قَرَأَ ذٰلِكَ الْفَرَنْجِيُّ الْعَرَبِيَّ وَ فَهِمَ الْقُرْآنَ الْمَجِيْدَ أَيْضًا•لِمَنْ هٰذِهِ الْمِحْفَظَةُ؟ هِىَ لِىْ •فِيْهَا قَلَمُ الْحِبْرِ وَكُرَّاسَةٌ وَ مِبْرَاةٌ•أَأَخَذْتَ كُرَّاسَتِى أَحْمَدُ! نَعَمْ: أَخَذْتُ• أَفَهِمْتُمْ مَقْصَدَ الْإِسْلَامَ؟

•اَلْإِسْلَامُ خَيْرُ مَذْهَبٍ•رَسُوْلُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ وَ رَحْمَةٌ لِلْعَالَمِيْنَ•إِلٰهُنَا وَاحِدٌ•وَ هُوَ خَالِقُنَا وَ رَازِقُنَا•

درس (۱۱)

اَلنُّزْهَةُ فِي الصَّبَاح

خَرَجْنَا لِلنُّزْهَةِ فِي الصَّبَاحِ إِلَىٰ حَدِيْقَةٍ فَدَخَلْنَا هَا وَجَلَسْنَا تَحْتَ شَجَرَةٍ عِنْدَ الْمَاءِ وَنَظَرْنَا إِلَىٰ اَزْهَارٍ جَمِيْلَةٍ وَ فَرِحْنَا بِهَا،فَنَهَضَ اَحَدٌ مِنْ اَصْدِقَاءِنَا وَ ذَهَبَ إِلَى الأَشْجَارِ وَقَطَفَ مِنْهَا زَهْرًا وَفَاكِهَةً أَيْضًا،أَنَا مَنَعْتُهُ وَالأَصْدِقَاءُ أَيْضًا مَنَعُوْهُ لٰكِنْ مَارَجَعَ عَنْ فِعْلِهٖ ،فَبَعْدَ قَلِيْلٍ ظَهَرَ صَاحِبُ الْحَدِيْقَةِ وَسَأَلَهُ :لِمَاذَا قَطَفْتَ الْفَاكِهَةَ وَاَكَلْتَهَا بِغَيْرِ اِذْنٍ ؟ أَاَذِنْتُ لَكَ ؟ أَنَا مَااَذِنْتُ .ثُمَّ أَخَذَهُ وَضَرَبَهُ .يَا اَصْدِقَائِي !أَخْذُ شَيْءٍ بِغَيْرِ اِذْنٍ عَادَةٌ مَذْمُوْمَةٌ

صبح میں تفریح

ترجمہ:- ہم صبح میں باغ کی طرف تفریح کے لیے نکلے•توہم اس میں داخل ہوئے اور پانی کے قریب ایک درخت کے نیچے بیٹھے• ہم نے خوب صورت پھولوں کو دیکھا اور ہم ان سے خوش ہوئے• ہمارے دوستوں میں سے ایک اٹھا اور درختوں کی طرف گیا•اور اس نے ایک پھول توڑا اور میوہ بھی•میں نے اس کو منع کیا اور دوستوں نے بھی اسے روکا لیکن وہ اپنے کام سے باز نہ آیا•تھوڑی دیر بعد باغ والا ظاہر ہوا اور اس سے پوچھا،تم نے میوہ کیوں توڑا اور بغیر اجازت اسے کیوں کھایا؟کیا میں نے تجھے اجازت دی؟میں نے اجازت نہیں دی•پھر اسے پکڑا اور اسے مارا•اے میرے دوستو!بغیر اجازت کسی چیز کو لینا بری عادت ہے•

جوابات:- خَرَجَ الْأَوْلَادُ إِلىٰ حَدِيْقَةٍ•خَرَجُوْا فِي الصَّبَاحِ•جَلَسُوْا تَحْتَ شَجَرَةٍ عِنْدَ الْمَاءِ•فَرِحُوْا بِأَزْهَارٍ جَمِيْلَةٍ•قَطَفَ الْوَلَدُ الْفَاكِهَةَ•لَا، أَنَا

مَنَعْتُهُ وَالْأَصْدِقَاءُ أَيْضًا مَنَعُوْه•لَا،مَا قَطَفَ الْوَلَدُ بِإِذْنٍ•ضَرَبَهُ صَاحِبُ الْحَدِيْقَةِ•لَا، مَا ضَرَبْنَا أَحَدًا•لَا، مَا دَخَلْنَا حَدِيْقَةً بِغَيْرِ إِذْنٍ•لَا، مَا أَخَذْنَا مِنْهَا شَيْئًا•

ترجمہ کرو:—مَا أَذِنْتُ لِأَحَدٍ•ضَرَبَ الْأُسْتَاذُ وَلَدًا شَرِيْرًا•أَمَا ضَرَبْتَ أَحَدًا؟ مَا مَنَعْنَا أَحَدًا مِنَ الْخَيْرِ إِلَى الْاٰنَ•مَا ذَهَبْنَا إِلٰى بَيْتِ أَحَدٍ بِغَيْرِ إِذْنٍ؟ أَخَذْتَ الْقِنْوَ الْأَحْمَرَ•أَخَذْنَا مَوْزًا أَصْفَرَ•قَطَفْتُ الْأَزْهَارَ الْكَثِيْرَةَ •فَرِحْنَا بِمُحَادَثَتِكَ جِدًّا •حَفِظَ الْأَوْلَادُ هٰذَاالدَّرْسَ جَيِّدًا •فَهِمُوا الدِّيْنَ أَيْضًا •اَلدِّيْنُ سَهْلٌ لَا صَعْبٌ•

درس (۱۲)

فَعَلَ. يَفْعَلُ. يَفْعَلُوْنَ. ضَحِكَ. يَضْحَكُ. يَضْحَكُوْنَ. مَزِحَ. يَمْزَحُ. يَمْزَحُوْنَ. لَعِبَ. يَلْعَبُ. يَلْعَبُوْنَ.

مَاذَا يَفْعَلُ الْوَلَدُ ؟ هُوَ يَعْبُدُ اللهَ. مَاذَا يَفْعَلُ الْاٰنَ ؟ اَلْاٰنَ يَرْكَعُ ثُمَّ يَسْجُدُ. أَهٰذِهٖ صَلٰوةٌ؟ نَعَمْ: هٰذِهٖ صَلٰوةٌ. مَاذَا يَفْعَلُوْنَ؟ هُمْ يَلْعَبُوْنَ، وَ يَضْحَكُوْنَ، وَ يَمْزَحُوْنَ. مَاذَا يَفْعَلُوْنَ الْاٰنَ؟ يَضْرِبُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا. فَهٰذِهٖ نَتِيْجَةُ الْمِزَاحِ هٰؤُلَاءِ الْأَوْلَادُ يَاكُلُوْنَ وَ يَشْرَبُوْنَ مِن رِّزْقِ اللهِ وَلٰكِنْ لَا يَعْبُدُوْنَ.

ترجمہ:— اس نے کیا• وہ کرتا ہے•وہ کرتے ہیں•وہ ہنسا• وہ ہنستا ہے•وہ ہنستے ہیں•اس نے مذاق کیا•وہ مذاق کرتا ہے•وہ مذاق کرتے ہیں•وہ کھیلا•وہ کھیلتا ہے•وہ کھیلتے ہیں•لڑکا کیا کر رہا ہے ؟وہ اللہ کی عبادت کر رہا ہے•اب کیا کر رہا ہے ؟اب وہ رکوع کر رہا ہے پھر سجدہ کرے گا•کیا یہ نماز ہے ؟ہاں: یہ نماز ہے•وہ کیا کر رہے ہیں ؟وہ کھیل رہے ہیں• ہنس رہے ہیں اور مذاق کر رہے ہیں•وہ اب کیا کر رہے ہیں ؟ان میں سے بعض بعض کو مار رہے ہیں•تو یہ مذاق کا نتیجہ ہے•یہ لڑکے اللہ کے رزق سے کھاتے اور پیتے ہیں لیکن عبادت نہیں کرتے ہیں•

جوابات:- لَا، لَایَقْرَأُ ذٰلِكَ الْوَلَدُ •لَا، لَا يَكْتُبُ•نعَمْ: يَعْبُدُ•لَا، لَايَقْرَأُ هٰؤُلَاءِ الْأَوْلَادُ•لَا، لَا يَعْبُدُوْنَ•نَعَمْ: يَمْرَحُوْنَ•يَضْحَكُ الْأَوْلَادُ• يَعْبُدُ الْوَلَدُ•يَرْكَعُ الْوَلَدُ•يَسْجُدُ الْوَلَدُ•يَلْعَبُ الْأَوْلَادُ•نَعَمْ: اَلصَّلٰوةُ وَاجِبَةٌ عَلىٰ كُلِّ مُسْلِمٍ•

مضارع (واحد و جمع) بناؤ

جمع	واحد	جمع	واحد
يَرْجِعُوْنَ	يَرْجِعُ	يَذْهَبُوْنَ	يَذْهَبُ
يَفْهَمُوْنَ	يَفْهَمُ	يَخْرُجُوْنَ	يَخْرُجُ
يَشْرَبُوْنَ	يَشْرَبُ	يَحْفَظُوْنَ	يَحْفَظُ
يَدْخُلُوْنَ	يَدْخُلُ	يَنْهَضُوْنَ	يَنْهَضُ
يَسْمَعُوْنَ	يَسْمَعُ	يَسْئَلُوْنَ	يَسْئَلُ
يَخْتِمُوْنَ	يَخْتِمُ	يَبْدَءُونَ	يَبْدَأُ
يَفْرَحُوْنَ	يَفْرَحُ	يَأْخُذُوْنَ	يَأْخُذُ
يَقْطُفُوْنَ	يَقْطُفُ	يَنْظُرُوْنَ	يَنْظُرُ
يَظْهَرُوْنَ	يَظْهَرُ	يَمْنَعُوْنَ	يَمْنَعُ
يَأْكُلُوْنَ	يَأْكُلُ	يَأْذَنُوْنَ	يَأْذَنُ

ترجمہ کرو :- يَذْهَبُ •يَلْعَبُ •يَضْحَكُ •يَقْرَءُوْنَ •يَكْتُبُوْنَ • يَخْرُجُوْنَ •يَجْلِسُوْنَ •يَلْعَبُوْنَ•يَأْكُلُ•يَشْرَبُ•يَفْرَحُ•لَا يَضْرِبُ•لَا يَسْئَلُ• لَا يَقْطِفُ •لَا يَأْكُلُوْنَ•لَا يَشْرَبُوْنَ •يَذْهَبُ الْوَلَدُ الطَّيِّبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ •يَدْخُلُ الصَّفَّ وَ يَجْلِسُ بِأَدَبٍ•هُوَ يَسْمَعُ كُلَّ شَيْءٍ بِأُسْتَاذِهٖ•يَفْهَمُ وَ يَحْفَظُ جَيِّدًا•لَا يَضْرِبُ الْأُسْتَاذُ ذٰلِكَ الْوَلَدَ•هُوَ يَفْرَحُ بِهٖ جَيِّدًا•يَجْلِسُ الْأَوْلَادُ بِأَدَبٍ •يَقْرَءُوْنَ وَ يَكْتُبُوْنَ•ثُمَّ يَرْجِعُوْنَ إِلَى الْبُيُوْتِ•يَأْكُلُوْنَ وَ يَشْرَبُوْنَ•وَ

يَقْرَءُوْنَ الْكُتُبَ•وَ يَسْمَعُوْنَ كَلَامَ اللهِ •أَيَحْفَظُوْنَهُ؟ أَيَعْمَلُوْنَ عَلَيْهِ•اَلْفَوْزُ مِنَ الْعَمَلِ لَامِنَ الْعِلْمِ•اَلصَّلٰوةُ وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ •اَللهُ خَالِقُنَا • رَازِقُنَا •أَمَا شُكْرُهُ وَاجِبٌ عَلَيْنَا؟ اَلصَّلٰوةُ عَلَامَةُ ذٰلِكَ الشُّكْرِ•هِىَ عِمَادُ الدِّيْنِ•يَذْهَبُ الْمُسْلِمُ كُلَّ وَقْتٍ لِلصَّلٰوةِ إِلَى الْمَسْجِدِ•اَلْمَسْجِدُ لِلصَّلٰوةِ لَا لِلْمُحَادَثَةِ •أَفَهِمْتُمْ غَرْضَ الصَّلٰوةِ؟ لَا ،مَافَهِمْتُمْ غَرْضَهَا•فِيْهَا فَوَائِدُ كَثِيْرَةٌ•

درس(۱۳)

مضارع واحد حاضر و متکلّم

فَعَلَ .قَرَاَ .فَهِمَ .اَكَلَ .ذَهَبَ .تَفْعَلُ .تَقْرَاُ .تَفْهَمُ .تَاْكُلُ .تَذْهَبُ .اَفْعَلُ .اَقْرَاُ. اَفْهَمُ .اٰكُلُ .اَذْهَبُ .مَا ذَا تَفْعَلُ يَا حَمِيْدُ ؟اٰكُلُ الطَّعَامَ.اَتَاْكُلُ الطَّعَامَ دَائِماً وَ اَنْتَ وَحِيْدٌ ؟تَارَةً اٰكُلُ وَاَنَا وَحِيْدٌ وَ تَارَةً مَعَ الْاَصدِقَاءِ .مَاذَاتَاكُلُ الْاٰنَ ؟اَلْاٰنَ اٰكُلُ الْخُبْزَ .أَتَاكُلُ الرُّزَّفِى الْبَيْتِ ؟نَعَمْ اٰكُلُ الرُّزَّفِى الْبَيْتِ فِى الْغَدَاءِ وَالْعَشَاءِ .أَلَا تَاكُلُ فِى الْفَتْرَةِ يَا مَجِيْدُ؟ لَا اٰكُلُ شَيْئًا يَا حَمِيْدُ.٥

ترجمہ:- اس نے کیا•اس نے پڑھا•اس نے سمجھا•اس نے کھایا•وہ گیا•تو کرتا ہے•تو پڑھتا ہے•تو سمجھتا ہے•تو کھاتا ہے•تو جا تا ہے•میں کرتا ہوں•میں پڑھتا ہوں•میں سمجھتا ہوں•میں کھاتا ہوں•میں جاتا ہوں•

تو کیا کر رہا ہے اے حمید؟میں کھانا کھا رہا ہوں•کیا تو ہمیشہ اکیلے کھانا کھاتا ہے؟کبھی میں اکیلے کھاتا ہوں اور کبھی دوستوں کے ساتھ•اب تو کیا کھا رہا ہے؟اب میں روٹی کھا رہا ہوں•کیا تو گھر میں چاول کھاتا ہے؟ہاں:میں گھر میں دوپہر اور رات کے کھانے میں چاول کھاتا ہوں•کیا تو انٹر ول میں نہیں کھاتا ہے اے مجید؟نہیں،میں کچھ نہیں کھاتا ہوں اے حمید؟

جوابات:- يَأكُلُ حَمِيْدٌ الطَّعَامَ•نَعَمْ: يَأكُلُ الْخُبْزَ•نَعَمْ: يَأكُلُ الرُزَّ • نَعَمْ: يَلْعَبُ الْأَوْلَادُ فِى الْفَتْرَةِ•نَعَمْ: يَأكُلُوْنَ•نَعَمْ: يَقْرَءُوْنَ•نَعَمْ: أَشْرَبُ اللَّبَنَ •نَعَمْ: اٰكُلُ الْفَاكِهَةَ•نَعَمْ: أَفْهَمُ التَّمْرِيْنَ•

ترجمہ کرو: - (ا) تَضْحَكُ•تَلْعَبُ•أَقْرَءُ•أَعْبُدُ• تَجْلِسُ• أَنْهَضُ• تَخْرُجُ •أَدْخُلُ● اٰذَنُ•تَمْنَعُ•تَأكُلُ•تَأكُلُ الْخُبْزَ•تَشْرَبُ • تَشْرَبُ اللَّبَنَ•اٰخُذُ • اٰخُذُ زَهْرًا جَمِيْلًا•أَحْفَظُ•أَحْفَظُ الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ •تَقْرَءُ فَارْسِيًّا•أَقْرَءُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ•اٰكُلُ الرُّزَّ وَالْخُبْزَ فِى الْغَدَاءِ أَيْضًا•نَشْرَبُ اللَّبَنَ بَعْدَ الْعَشَاءِ أَيْضًا•

(ب) اَلْمُسْلِمُ لَا يَغْفَلُ عَنِ الصَّلٰوةِ فِىْ حَالٍ مِنَ الْأَحْوَالِ•يَفْعَلُ كُلَّ عَمَلٍ بِإِخْلَاصٍ•لَا يَحْصُلُ الْفَوْزُ بِغَيْرِ إِخْلَاصٍ•لٰكِنَّ الْاٰنَ مَا فِيْنَا دِيْنٌ•مَا فِيْنَا خُلُوْصٌ •لِأَنَّنَا بَعُدْنَا مِنَ الْعِزَّةِ جِدًّا•وَالْآنَ لَنَا ذِلَّةٌ•هٰذِهِ نَتِيْجَةُ أَعْمَالِنَا •نَطْلُبُ السُّمْعَةَ فِىْ كُلِّ شَيْءٍ•وَالسُّمْعَةُ غَرْضُنَا•

درس(۱۴)

مضارع جمع

تَفْعَلُ .تَفْعَلُوْنَ .نَفْعَلُ .تَقْرَأُ .تَقْرَؤُنَ.نَقْرَأُ .مَاذَا تَفْعَلُوْنَ ؟ نَقْرَأُ وَ نَكْتُبُ .مَاذَا تَقْرَؤُنَ ؟نَقْرَأُ الْكُتُبَ .مَاذَا تَكْتُبُوْنَ ؟نَكْتُبُ الدَّرْسَ . اَلَا تَلْعَبُوْنَ الْيَوْمَ ؟لَا نَلْعَبُ الْيَوْمَ .أَتَخْرُجُوْنَ لِلنُّزْهَةِ ؟نَعَمْ نَخْرُجُ بَعْدَ الْعَصْرِ.فِى اَىِّ سَنَةٍ اِمْتِحَانُكُمْ؟فِى هٰذِهِ السَّنَةِ .فِى اَىِّ شَهْرٍ؟فِى شَهْرِ اَبْرَيْل.مِنْ اَىِّ يَوْمٍ؟ مِنْ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ .

هٰذَا بَرْنَامِجُ الْإِمْتِحَانِ

اَلْأُرْدُوْ......يَوْمَ الْإِثْنَيْنِ . اَلتَّارِيْخ......يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ .
اَلْعَرَبِيُّ......يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ . اَلدِّيْنِيَّاتُ......يَوْمَ الْخَمِيْسِ . اَلْحِسَابُ
......يَوْمَ الْجُمُعَةِ . اَلْإِنْكْلِيْزِيُّ......يَوْمَ السَّبْتِ

ترجمہ:- تو کرتا ہے• تم کرتے ہو• ہم کرتے ہیں• تو پڑھتا ہے• تم پڑھتے ہو• ہم پڑھتے ہیں• تم لوگ کیا کرتے ہو؟ ہم پڑھتے ہیں اور لکھتے ہیں• تم کیا پڑھتے ہو؟ ہم کتابیں پڑھتے ہیں• تم کیا لکھتے ہو؟ ہم سبق لکھتے ہیں• کیا آج تم لوگ نہیں کھیلو گے؟ ہم آج نہیں کھیلیں گے• کیا تم لوگ تفریح کے لیے نکلو گے؟ ہاں ہم عصر کے بعد نکلیں گے• تمھارا امتحان کس سال میں ہے؟ اسی سال میں ہے• کون سے مہینے میں ہے؟ اپریل کے مہینے میں ہے• کس دن سے ہے؟ پیر کے دن سے ہے•

یہ امتحان کا نظام الاوقات ہے

اردو: -------------------پیر کے دن
تاریخ: -------------------منگل کے دن
عربی: -------------------بدھ کے دن
دینیات: -------------------جمعرات کے دن
حساب: -------------------جمعہ کے دن
انگریزی: -------------------ہفتہ کے دن

جوابات:- نَعَمْ: نَفْهَمُ الدَّرْسَ•نَعَمْ: نَقْرَأُ الْقُرْآنَ •نَعَمْ: نَفْهَمُ الْقُرْآنَ•لَا، لَانَأْكُلُ فِي الْفَتْرَةِ•نَعَمْ :نَلْعَبُ•نَعَمْ: نَعْبُدُ•نَعَمْ: اَنْهَضُ صَبَاحًا •لَا ، لَا أَمْزَحُ فِي الصَّفِّ•نَعَمْ: نَسْجُدُ لِلّٰهِ•لَا، لَاأَلْعَبُ بِكُرَةِ الْقَدَمِ •نَعَمْ: نَشْكُرُ لِلّٰهِ•

ترجمہ کرو:- تَلْعَبُوْنَ•نَقْرَأُ•نَاكُلُ الطَّعَامَ•تَشْرَبُونَ اللَّبنَ•نَاكُلُ اللَّحْمَ •تَاكُلُوْنَ الثَّمَرَ•نَخْرُجُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ•أَتَخْرُجُوْنَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ؟ أَيْنَ تَذْهَبُوْنَ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ؟ أَيْنَ تَذْهَبُ يَوْمَ السَّبْتِ؟ هَلِ الْعُطْلَةُ يَوْمَ الْأَحَدِ ؟نَخْتِمُ الْكِتَابَ إِلىٰ يَوْمِ الْخَمِيْسِ•مَاذَا تَاكُلُ فِي الْعَشَاءِ؟ أَلَاتَاكُلُ الْخُبْزَ فِيْ الْغَدَاءِ؟ بَرْنَامِجُنَا فِي الْعُطْلَةِ نُزْهَةٌ •شَهْرُ مَئِ شَهْرُالصَّيْفِ•شَهْرُ دِيْسَمْبَرْ فَصْلُ الشِّتَاءِ•شَهْرُ يَنَايِرَ اِبْتِدَاءُ عَامٍ•فِي مَارِسٍ وَ اَبْرِيْلِ اِمْتِحَانَاتُ الطَّلَبَةِ•

درس (۱۵)

مخلوط ماضی ومضارع

مَجِيْد.أَتَذْهَبُ الْيَوْمَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ يَا حَمِيْدُ ؟ **حميد**، نَعَمْ اَذْهَبُ الْيَوْمَ وَلٰكِنْ لَا اَذْهَبُ غَدًا. **مجيد**،لِمَاذَا لَا تَذْهَبُ غَدًا ؟**حميد**،غَدًا يَوْمُ الْعُطْلَةِ .**مجيد** اَحَفِظْتَ دَرْسَ الْاَمْسِ؟ **حميد**، نَعَمْ حَفِظْتُ . **مجيد**، أَكَتَبْتَ فُرُوْضَ الْمَدْرَسَةِ اَنْتَ وَاَصْدِقَاؤُكَ ؟ **حميد**، **نَعَمْ** .كَتَبْنَا جَيِّدًا جِدًّا . **مجيد** مَتىٰ تَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ كُلَّ يَوْمٍ؟ **حميد** اَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ بَعْدَ الْفُطُوْرِ **مجيد**، مَاذَا تَاكُلُ وَتَشْرَبُ فِي الْفُطُوْرِ؟ **حميد**، اٰكُلُ الْخُبْزَ بِالإِدَامِ وَاَشْرَبُ الشَّايَ .**مجيد**،مَاذَا تَفْعَلُ أَنْتَ وَاَصْدِقَاؤُكَ بَعْدَ الدَّرْسِ؟ **حميد**، نَلْعَبُ بِكُرَةِ الْقَدَمِ فِي الْمَيْدَانِ . **مجيد**،أَهٰكَذَا تَفْعَلُوْنَ دَائِماً؟ **حميد**،نَعَمْ: نَفْعَلُ أَ هٰكَذَا. **مجيد**،أَيَقْرَأُ مَعَكَ اَصْدِقَاؤُكَ ؟ **حميد**، هُمْ يَقْرَؤُنَ مَعِيْ فِي النَّهَارِ وَفِي اللَّيْلِ يَقْرَؤُنَ فِيْ بُيُوْتِهِمْ .

ترجمہ:- *مجید: (پوچھتا ہے) کیا آج تو مدرسہ جائے گا اے حمید!؟ حمید: (جواب دیتا ہے) ہاں: آج میں جاؤں گا، لیکن کل نہیں جاؤں گا• مجید: (پوچھتا ہے) کل تو کیوں نہیں جائے گا؟*

حمید: (جواب دیتا ہے) کل چھٹی کا دن ہے• مجید: (پوچھتا ہے) کیا تونے گزشتہ سبق یاد کرلیا؟ حمید: (جواب دیتا ہے) ہاں: میں نے یاد کرلیا• مجید (پوچھتا ہے) کیا تونے اور تیرے دوستوں نے ہوم ورک کرلیا؟ حمید: (جواب دیتا ہے) ہاں: ہم نے بہت اچھی طرح کرلیا• مجید: (پوچھتا ہے) تو ہر دن مدرسہ کب جاتا ہے؟ حمید: (جواب دیتا ہے) میں ناشتہ کے بعد مدرسہ جاتا ہوں• مجید: (پوچھتا ہے) تو ناشتہ میں کیا کھاتا ہے اور کیا پیتا ہے؟ حمید: (جواب دیتا ہے) میں سالن سے روٹی کھاتا ہوں اور چائے پیتا ہوں• مجید: (پوچھتا ہے) تو اور تیرے دوست سبق کے بعد کیا کرتے ہیں؟ حمید: (جواب دیتا ہے) ہم میدان میں فٹ بال کھیلتے ہیں• مجید: (پوچھتا ہے) کیا تم ہمیشہ اسی طرح کرتے ہو؟ حمید: (جواب دیتا ہے) ہاں: ہم اسی طرح کرتے ہیں• مجید: (پوچھتا ہے) کیا تیرے ساتھ تیرے دوست پڑھتے ہیں؟ حمید: (جواب دیتا ہے) وہ دن میں میرے ساتھ پڑھتے ہیں اور رات میں اپنے گھروں میں پڑھتے ہیں•

جوابات:- لَعِبَ مَعِی صَدِیْقِی•قَرَأَ حَمِیْدٌ•کَتَبَ الْوَلَدُ•یَقْرَأُ مَعِی أَصْدِقَائِی •یَکْتُبُ حَمِیْدٌ•یَلْعَبُ الْوَلَدُ•نَعَمْ: یَلْعَبُ الْأَوْلَادُ•یَلْعَبُوْنَ فِی الصَّبَاحِ•یَلْعَبُوْنَ فِی الْمَیْدَانِ •نَعَمْ: قَرَءُواالدَّرْسَ•نَعَمْ: فَهِمُوْه •لَا، مَا أَکَلْتُ التِّیْنَ• نَعَمْ: أَکَلْتُ الْعِنَبَ•نَعَمْ: أَکَلْتُ التُّفَّاحَ•نَعَمْ: عَبَدْنَا اللهَ • نَعَمْ: سَجَدْنَالَه•نَعَمْ: أَشْرَبُ الشَّایَ•نَعَمْ: أَکُلُ الْبُرْتَقَالَ•نَعَمْ: أَکُلُ الْخُبْزَ •لَا، لَانَلْعَبُ غَدًا•نَعَمْ: نَقْرَأُ الْیَوْمَ•نَعَمْ: نَسْجُدُ لِلّٰهِ•نَعَمْ: خَرَجْنَا مَرَّتَیْنِ لِلنُّزْهَةِ•نَعَمْ: جَلَسْنَا فِی الْعَرَبَةِ•لَا: مَا لَعِبْتُ بِالْکُرَةِ•نَعَمْ: نَاکُلُ لَحْمًا طَرِیًّا •نَعَمْ: نَشْرَبُ لَبَنًا خَالِصًا •لَا، لَاأَقْرَأُ دَائِمًا•نَعَمْ: أَلْعَبُ فِی الْفَتْرَةِ•لَا: لَانَاکُلُ الرُّزَّ دَائِمًا•نَعَمْ: نَکْتُبُ بِقَلَمِ الْحِبْرِ•

ترجمہ کرو:- یَسْمَعُوْنَ کَلَامَ اللهِ•یَکْتُبُوْنَ الْکِتَابَ•لَا یَاکُلُوْنَ الطَّعَامَ •أَبْدَأُ الْعَرَبِیَّةَ•مَتیٰ تَبْدَأُ الْإِنْکِلِیْزِیَّةَ؟ أَقْرَأُ الدَّرْسَ الْجَدِیْدَ•تَحْفَظُ دَرْسَ الْأَمْسِ•تَلْعَبُ الْیَوْمَ•أَلْعَبُ غَدًا•نَشْرَبُ الشَّایَ•تَشْرَبُوْنَ اللَّبَنَ •

نَعْبُدُ إِلٰهًا وَاحِدًا•كَتَبْتُ فُرُوْضَ الْمَدْرَسَةِ•مَا كَتَبْتَ إِلَى الْآنَ•لِمَاذَا مَزَحْتُمْ مِنْهُ؟ لِمَاذَ ضَحِكْتُمْ عَلَى أُوْلٰئِكَ الْأَوْلَادِ؟ اَلْمِزَاحُ لَيْسَ بِجَيِّدٍ•نَاكُلُ الْخُبْزَ فِي الْفُطُوْرِ وَ نَشْرَبُ الشَّاىَ•أَلْعَبُ تَارَةً بِكُرَةِ الْقَدَمِ وَ أَنَا وَحِيْدٌ وَ تَارَةً مَعَ الْأَصْدِقَاءِ • مَا ضَرَبْتُ أَحَدًا قَطُّ•لَا أَدْخُلُ فِي بَيْتٍ بِغَيْرِ اِذْنٍ•حَفِظْتُ دَرْسَ الْأَمْسِ جَيِّدًا•

ضمیروں کی مناسبت سے ماضی اور مضارع کے صیغے لکھو

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
أَنْتَ قَطَفْتَ	أَنْتَ تَقْطِفُ	هُوَ أَكَلَ	هُوَ يَاكُلُ
أَنَا سَجَدتُّ	أَنَا أَسْجُدُ	نَحْنُ رَكَعْنَا	نَحْنُ نَرْكَعُ
أَنْتُمْ عَبَدْتُمْ	أَنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ	هُمْ مَزَحُوْا	هُمْ يَمْزَحُوْنَ
أَنَا لَعِبْتُ	أَنَا أَلْعَبُ	نَحْنُ خَرَجْنَا	نَحْنُ نَخْرُجُ
أَنْتَ أَذِنْتَ	أَنْتَ تَأْذَنُ	أَنْتُمْ عَلِمْتُمْ	أَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ
هُوَ سَأَلَ	هُوَ يَسْئَلُ	أَنَا رَجَعْتُ	أَنَا أَرْجِعُ
هُمْ سَمِعُوْا	هُمْ يَسْمَعُوْنَ	أَنْتَ فَهِمْتَ	أَنْتُمْ تَفْهَمُوْنَ
هُوَ حَفِظَ	هُوَ يَحْفَظُ	نَحْنُ قَطَفْنَا	نَحْنُ نَقْطِفُ
أَنْتُمْ نَظَرْتُمْ	أَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ	هُمْ شَرِبُوْا	هُمْ يَشْرَبُوْنَ

درس (١٦)

مَنْ خَلَقَ؟

مَنْ خَلَقَ الْعَالَمَ ؟ خَلَقَهُ اللهُ .مَنْ خَلَقَ النَّاسَ ؟خَلَقَ هُمُ اللهُ .مَنْ خَلَقَ الْجَنَّةَ؟خَلَقَهَااللهُ. مَنْ يَّخْلُقُ الْاَزْهَارَ؟يَخْلُقُهَااللهُ .مَنْ خَلَقَ السَّمَاءَ ؟خَلَقَهَااللهُ .مَنْ خَلَقَكَ ؟خَلَقَنِى اللهُ. مَنْ يَّرْزُقُكَ ؟ يَرْزُقُنِىْ رَبِّىْ .مَنْ

يَّرْزُقُكُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ؟يَرْزُقُنَا رَبُّنَا .أَتَعْبُدُوْنَ اِلٰهًاوَاحِدًا ؟ نَعَمْ نَعْبُدُ اِلٰهًا وَاحِدًا .أَخَلَقَ النَّاسُ شَيئًا ؟لَا مَا خَلَقُوْهُ. أَيَخْلُقُوْنَ شَيْئًا ؟ لَا:لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا .أَتَعْرِفُ إِلٰهَكَ ؟ نَعَمْ :اَعْرِفُهُ .أَخَلَقْتُمُ الأَرْضَ؟ لَا:مَاخَلَقْنَاهَا .بَلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ.وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ .

کس نے پیدا کیا؟

